APRIL'18

ماہنامہ

خزینۂ روحانیات لاہور

Rs.80

جلد نمبر 8 شمارہ نمبر 12

تعویذات کی شرعی حیثیت؟

114 سورتوں کے قرآنی تعویذات

اولیاء اللہ بزرگانِ دین اور علمائے کرام کے تجویز کردہ قرآنی تعویذات

فراخیٔ رزق، تسخیر، محبت، شادی، حفاظت کے قرآنی تعویذات

آسیب وجنات، سحر وجادو، نظرِ بد اور بندش سے نجات کے قرآنی تعویذات

روحانی معالجین کے لیے خاص الخاص قرآنی تعویذات کے روحانی تحفے

 darulamal.org/magazines/ruhani khazinaeruhaniyat khazina.ruhaniyaat khazinaruhanyat

سات سلام اور چہل کاف کے عامل بنیں

تعارف سات سلام اور چہل کاف کا عمل ''پیرانِ پیر غوثِ اعظم حضرت شاہ عبد القادر جیلانی رحمہ اللہ'' سے منقول ہے۔ یہ عمل سایہ اور جادو کا خاص توڑ ہے۔ اس عمل کا عامل بننے کے لئے صرف اجازت کی ضرورت ہے۔ اجازت نقد ھدیہ کے ساتھ مشروط ہے۔ اجازت حاصل کرنے کے بعد اس عمل کے ذریعے سے جنات، جادو ٹونہ اور نظرِ بد کا علاج کیا جا سکتا ہے۔ چہل کاف کے عامل اور اہلِ خانہ پر جادو اور سایہ اثر نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سب محفوظ رہتے ہیں بشرطیکہ وہ اجازت لیتے وقت پہلے سے جادو اور جنات کے مریض نہ ہوں۔

کل چھ درجوں کی زکوٰۃ دے سکتے ہیں۔ 5100 روپے میں پہلے تین درجوں کی زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔

چہل کاف وہ عمل ہے جو عاملین میں بہت مقبول ہے۔ دنیا کا شاید ہی کوئی جائز کام ایسا ہو، جو اس عمل سے ممکن نہ ہو۔ شرط یہ ہے کہ اس عمل کا ماہرانہ استعمال کرنا آتا ہو۔ اسلحہ تو بہت لوگوں کے پاس ہوتا ہے مگر اچھی طرح چلانا کسی کسی کو ہی آتا ہے۔ یہی روحانی اسلحہ کا بھی معاملہ ہوتا ہے۔ اگر اسلحہ کو صحیح استعمال نہ کرنا آتا ہو یا پھر بوقت ضرورت پاس نہ ہو، بیشک سامنے رکھا ہو، تو دشمن مار جائے گا۔ اس لئے دنیاوی اسلحہ کی طرح روحانی اسلحہ کو بھی ہر وقت لوڈ رکھنا چاہئے تاکہ بوقت ضرورت فوری استعمال کیا جا سکے۔

اجازت لینے کے بعد کیا حاصل ہوگا اس عمل کے لئے کسی چلّہ کشی کی شرط نہیں ہے۔ اجازت لینے کے بعد آپ کو سات سلام اور چہل کاف کی ایک معمولی تعداد روزانہ (جب تک عمل رکھنا چاہیں) پڑھنی ہوتی ہے۔ اس کے پڑھنے سے آپ کی روزانہ حاضری لگتی رہے گی اور اس عمل کے پیچھے جنات آپ کی بوقت ضرورت مدد کریں گے۔ اس عمل کے پیچھے چونکہ جنات کی ایک بڑی تعداد ہے، اور وہ سب ہی جادو اور جنات کے علاج کرنے میں ماہر ہونے کے ساتھ دیگر دنیاوی کاموں میں بھی معاون ہوتے ہیں۔ اس لئے روزانہ پڑھتے رہنے سے وہ بھی مدد کو تیار رہتے ہیں۔

اس کی مثال ایسی ہے کہ جب پولیس کی ضرورت پڑتی ہے تو 15 پر کال کی جاتی ہے۔ کون آتا ہے؟ اس کا کوئی نہیں سوچتا، بس آنا چاہئے۔ اسی طرح جب اجازت یافتہ پڑھتا ہے تو اس کی کال بھی چہل کاف والوں کو جاتی ہے اور وہ آتے ہیں اور جس کام کے لئے پڑھا گیا ہوتا ہے، اس میں معاونت کرتے ہیں۔ اگر کسی کی نظر کھلی ہو تو اس کو جنات واضح نظر بھی آتے ہیں۔

اجازت کون لے روحانی معالجین، مشائخ اور پیر حضرات، ایسے مریض جو عرصہ سے جادو اور جنات کی پکڑ میں ہوں، جو لوگ اپنی اور اپنے گھر والوں کی جادو اور جنات سے حفاظت چاہتے ہوں، جادو اور جنات سے متاثرہ لوگوں کا علاج سیکھ کر علاج کرنے والے افراد، خود کو اور اپنے گھر والوں کو جادو اور جنات سے خود عمل کر کے نجات دلانے والے افراد۔

اجازت کے لیے اہلیت اس عمل کی اجازت ہر کوئی لے سکتا ہے۔ اجازت لینے والے کا فنِ عملیات سے پہلے سے واقف ہونا بھی ضروری نہیں۔ بالغ مرد اور عورت اجازت لے سکتے ہیں۔

darulamal.org/ruhanidarsgah

اجازت لینے کا طریقہ اس عمل کی اجازت چونکہ نقد ھدیہ کے ساتھ مشروط ہے، اس لئے جو بھی اجازت لینا چاہے، وہ نقد ھدیہ ادا کر کے اجازت لے سکتا ہے۔

نقد ھدیہ مع اعمال کی کاپی 5100/- روپے، علاوہ ڈاک خرچ

رابطہ روحانی درگاہ ناظم: 0346-4661681 نائب ناظم 0345-4661681 فون: 042-35410586, 0320-4661681

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال ''دو خاص نمبر'' شائع کرتا ہے

ماہنامہ
خزینۂ روحانیات
لاہور

جلد 8 رجب المرجب، شعبان المعظم ۱۴۳۹ھ / اپریل 2018ء شمارہ 12

+KhazinaeRuhaniyaat
khazinaruhaniyaat
khazinaeruhaniyaat
/in/khazinaruhaniyaat
khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
khazinaeruhaniyaat@gmail.com

سالانہ ممبر شپ عام ڈاک 650 روپے
سالانہ ممبر شپ رجسٹرڈ ڈاک 1000 روپے
بذریعہ کوریئر 1500 روپے

مدیر اعلیٰ: خالد مقبول عارف حفظہ اللہ

مدیر: مولانا حافظ علی آفاق صاحب

مجلس مشاورت

- غلام سرور شباب صاحب (حویلی لکھا)
- ابوانس صاحب (لاہور)
- مولانا قاری ابوبکر صاحب (اسلام آباد)
- محمد علیم صاحب (لاہور)
- مولانا قاری ممتاز صاحب (لاہور)

سرکولیشن، اشتہارات و شکایات: 0322-4773786

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570
فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

بیرون ملک: +92-322-7772772

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈوکیٹ ہائی کورٹ)

1 منی آرڈر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

2 شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی: JazzCash (موبی لنک)۔ ایزی پیسہ (ٹیلی نار)۔ اومنی (یوبی ایل)۔ کے ذریعہ 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں اور 0307-5525103 پر کوڈ SMS کریں۔

3 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔
ٹیلی نار۔۔یوبی ایل اومنی 03437772772 JazzCash 03028401977

4 بینک ڈپازٹ: میزان بینک میں بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736 میں جمع کروائیں۔

برائے دیگر تمام شعبہ جات: میزان بینک میں بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466 میں جمع کروائیں۔

نوٹ: رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد بذریعہ SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ تمام مالی معاملات میں صرف یہ موبائل نمبر استعمال کریں: 0322-4773786

ادائیگی کی تفصیلات کیلئے: darulamal.org/payment

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

اپریل 2018ء

روحانی درسگاہ کے شاگرد متوجہ ہوں

سرپرست دار العمل چشتیہ جناب خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کی طرف سے متعدد بار اس بات کی طرف توجہ دلائی جاتی رہی اور جاری ہے کہ شاگرد سب سے پہلے اپنے آپ کو، رہائشی جگہ کو اور اس رہائشی جگہ میں رہنے والوں کو جادو، جنات اور نظرِ بد کے اثرات سے نجات دلائیں۔ پھر مریضوں کے علاج اور چلہ کشی میں بہت کامیابیاں ملتی ہیں۔ مگر بہت سے شاگرد اس پر عمل نہیں کرتے اور شکایت کرتے ہیں کہ گھر والوں پر اثر آجاتا ہے، عمل چلنا بند ہوجاتے ہین وغیرہ۔ ان سب سے درخواست ہے کہ درج بالا ہدایات پر عمل کریں۔ (ادارہ)

darulamal.org/aboutus.htm

یہ سب تمہارا کرم ہے مولا

یہ سب تمہارا کرم ہے مولا
کہ بات اب تک بنی ہوئی ہے

دن میں روشنی دی تو نے سورج کی
اور رات تاروں سے چھنی ہوئی ہے

یہ ٹھنڈی ہوائیں یہ کالی گھٹائیں
یہ چشموں کا پانی یہ جھرنوں کی شائیں

سب تمہاری رحمت سب تمہاری قدرت
تو ہی بادشاہ تو ہی مالک سب کا

یہ سب تمہارا کرم ہے مولا
کہ بات اب تک بنی ہوئی ہے

وَاقِفُ الْاَسْرَار

مانگ جو مانگنا ہے خالقِ غفار سے
تیری ہر حاجت روا ہوگی اسی دربار سے

اس در کو چھوڑ کر جاتا ہے کیوں غیر کے پاس
فضل کی امید رکھ تو اپنے پالنہار سے

تیرے ظاہر اور باطن سب سے واقف ھے خُدا
ہے عبث کچھ بھی چھپانا وَاقِفُ الْاَسْرَار سے

ہو عمل پیرا سدا انورؔ خُدا کے حکم پر
آخرت میں نہ ہو محروم تو دیدار سے

(انتخاب: محمد طیب قاسمی)

حضورؐ ختم مرا انتظار ہو جائے

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضور ﷺ ختم مرا انتظار ہو جائے
کرم حضور ﷺ کا میرا بھی یار ہو جائے

یہ آرزو ہے کہ انوارِ سبز گنبد پر
نثار دل مرا پروانہ وار ہو جائے

گرا دو ایک ہی قطرہ سحابِ رحمت سے
خزاں رسیدہ چمن پُر بہار ہو جائے

جلے جو دل میں دیا آپ کی محبت کا
یہ سنگ ریزہ دُرِ شاہوار ہو جائے

درِ حضور ﷺ کی جس کو گدا گری ہو نصیب
وہ تاجداروں کا بھی تاجدار ہو جائے

ملا ہے جس کو شرف آپ کی غلامی کا
وہ خاکسار نہ کیوں باوقار ہو جائے

بس آپ ہی کی محبت پہ یا رسول اللہ ﷺ
مری نجات کا دار و مدار ہو جائے

دلِ ریاضؔ کو سیری کبھی نہ ہو حاصل
بس اس کی حاضری اب بار بار ہو جائے

(علامہ سید ریاض الدین سہروردی)

ممبران متوجہ ہوں

تمام ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ماہنامہ خزینہ روحانیات کی سالانہ ممبر شپ فیس واپس نہیں کی جاتی۔ اگر کوئی ممبر رسالہ نہیں منگوانا چاہتے تو وہ رسالہ کسی اور کو دے دے یا کسی اور کے پتہ پر رسالہ لگوا دیں۔ ادارہ ممبر شپ فیس واپس کرنے کے سلسلے میں معذرت خواہ ہے۔

منجانب سرکولیشن مینجر

اداریہ

مولانا علی آفاق

السلام علیکم! محترم قارئین خزینہ روحانیات! یہ پندرھواں خاص نمبر ''قرآنی تعویذات'' آپ کے ہاتھوں میں ہے، اس سے پہلے بھی لاجواب، باکمال اور اپنے موضوع کے ساتھ انصاف کرنے والے خاص نمبرز الحمد اللہ تاریخی مقبولیت، کامیابی اور سائلین کے مسائل کے حل، معلومات اور علوم روحانیہ میں اضافے کا باعث بن چکے ہیں۔ جنہیں عام قارئین سے ہٹ کر صاحب علم افراد، لکھاری اور مصنفین نے قدر کی نگاہ سے دیکھا اور یہ صرف پاکستان ہی میں نہیں بلکہ بین الاقوامی سطح پر اس ادارہ اور میگزین خزینہ روحانیات کے خاص نمبرز کو زبردست پذیرائی حاصل ہوئی۔ اس کے حوالے سے انڈیا کے معروف روحانی معالج، صاحب تصنیف بزرگ نے اپنے معروف ومشہور میگزین میں خزینہ روحانیات کے مضامین کو مصنفین کے نام سے شائع کرکے ادارے کے لئے زبردست اعزاز کا موقع فراہم کیا۔ اس پر ہم اپنے مصنفین، لکھاری اور ادارے کی ٹیم کے زبردست شکرگزار ہیں کہ خصوصی محبت، انفرادی اہمیت کے عنوانات کے تحت وہ مضامین لکھتے ہیں جن سے قارئین، سائلین، مریضوں، طالبینِ روحانیات کی نا صرف ضروریات پوری ہوتی ہیں بلکہ علمی پیاس بجھانے کے ساتھ ساتھ علوم ومعرفت کے خزانے بھی ملتے ہیں۔ جن میں سے ہر فرد اور قاری وسائل اپنی سمجھ بوجھ کے مطابق موتی چنتا ہے۔

یہ رسالہ جو آپ کے ہاتھوں میں ہے ''قرآنی تعویذات نمبر'' ہے۔ اس لئے اس میں قرآنی سورتوں کے تعویذات، قرآنی آیات کے تعویذات، قرآنی آیات کے مخصوص ومشہور مجرب حصوں کے تعویذات آپ کی خدمت میں پیش ہیں۔ الحمد للہ جو بھی ضرورت ہو، دشمنی، عداوت، بغض وجدائی، محبت والفت، شادی، بیاہ، رخصتی، نکاح، منگنی، گھریلو ناچاقی، جادو، جنات، جنات کی حاضری، جنات کو پریشان کرنا، چیزوں کا غائب ہو جانا الغرض کوئی بھی روحانی مسئلہ ہو، پریشانی ہو، دکھ ہو یا غم، اولاد کی نافرمانی ہو یا میاں بیوی کی ناچاقی یا دیگر کوئی بھی ایسا معاملہ ہو جس کا حل اس دنیا میں ہو سکتا ہو، ہونا ہو، یا حل ہونا چاہیے۔ تو پھر قرآنی تعویذات آپ کے تمام مسائل کا فوری، مستقل اور زبردست حل ہے۔

آخر میں ادارہ کی جانب سے میں تمام مصنفین، لکھاری احباب، خزینہ روحانیات کی ساری ٹیم، علاج گاہ، درسگاہ، خصوصاً ہمارے مرشد سیدی خالد مقبول صاحب دامت برکاتہم اور دوسرے درجے میں حضرت مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب کا انتہائی مشکور ہوں کہ آپ نے انتہائی محبت، شفقت اور محنت سے رسالہ اور خاص نمبر مرتب فرمایا اور مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب نے بیماری اور تکلیف کے باوجود بھرپور محنت، تندہی اور توجہ سے راہنمائی اور ترتیب میں مدد فرمائی۔ اللہ تعالیٰ تمام احباب کو اپنی شایان شان بدلہ عطاء فرمائے۔

تعویذ کی شرعی حیثیت

خالد مقبول حفظہ اللہ

تعویذ کے استعمال کے بارے میں عوام وخواص...... دونوں میں اعتدال نہیں ہے۔ ہمارے کچھ بھائی بہن تو تعویذ کو شرک قرار دیتے ہیں۔ اور کچھ بھائی بہن حد درجہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ جو کچھ ہے، بس تعویذ ہی ہے۔ یہ دونوں حدود سے تجاوز کرتے ہیں۔

چونکہ یہ "قرآنی تعویذات نمبر" ہے۔ اس لیے مناسب معلوم ہوا کہ تعویذ کے بارے میں وضاحت کی جائے تا کہ اس کی شرعی حیثیت بھی واضح ہو سکے۔ اس سلسلے میں چند اکابر سے کیے گئے سوالات اور ان کے جوابات ملاحظہ فرمائیں۔

حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر دامت برکاتہم

(صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان ورئیس جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن)

تعویذ کے ذریعے علاج، اس کا استعمال اور اس پر اجرت لینے کا حکم

سوال تعویذات اور عملیات کے ذریعے علاج کروانا اور تعویذ کا استعمال کرنا کیسا ہے،؟ تعویذ پر اجرت لینا کیسا ہے؟ (محمد سفیان، کراچی)

جواب ہومیوپیتھی، ایلوپیتھی اور یونانی طریقہ علاج کی طرح تعویذ کے ذریعے بھی علاج معالجہ درست ہے۔ جس طرح یہ دیگر طریقہ ہائے علاج ہیں، اسی طرح تعویذات اور عملیات بھی ایک تدبیر اور طریقہ علاج ہے۔ البتہ تعویذات اور عملیات میں یہ شرط ہے کہ ان کا معنی و مفہوم معلوم ہو، ان میں کوئی شرکیہ کلمہ نہ ہو اور ان کے مؤثر بالذات ہونے کا اعتقاد نہ ہو۔ اگر ان شرائط کی رعایت ہو تو اس کے ذریعے علاج اور اس کا استعمال اور اس پر مناسب معاوضہ لینا جائز ہے۔

مرقاۃ المفاتیح شرح مشکاۃ المصابیح (7 / 2880، رقم الحدیث: 4553، الفصل الثانی، کتاب الطب والرقی، ط؛ دار الفکر بیروت) فتاوی شامی: (6 / 363، کتاب الحظر والاباحۃ، ط؛ سعید)۔

تعویذ کا استعمال

سوال میں کچھ عرصے سے شدید بیمار ہوں، میرے سسرال والوں کو ایک شخص نے بتایا ہے کہ مجھ پر کسی نے عمل کروایا ہے۔ اس شخص نے چند تعویذ دیے ہیں، جنہیں پانی میں گھول کر پینا ہے۔ تین ماہ تک باقاعدہ یہ عمل کرنا ہے۔ ان تعویذوں میں چند اعداد اور اللہ کا نام لکھا ہوا ہے۔ کچھ الفاظ ایسے ہیں کہ جو میں پڑھ سکتی ہوں، لیکن بعض الفاظ میری سمجھ میں نہیں آ رہے۔ میں ان تعویذوں کی وجہ سے پریشان ہوں' کیا میں انہیں استعمال کر سکتی ہوں؟

(سعیدہ الیاس، کراچی)

جواب تعویذ میں اگر کوئی بات مشرکانہ نہ ہو اور اس میں جو کلمات لکھے جائیں، ان کے معنی معلوم ہوں اور یہ عقیدہ ہو کہ اس میں تاثیر ڈالنے والے اللہ تبارک وتعالیٰ ہیں تو ان شرطوں کے ساتھ تعویذ باندھنا، لٹکانا یا استعمال میں لانا جائز ہے۔ آپ کو جو تعویذ دیے گئے ہیں ان میں درج اعداد اگر جائز کلمات کے ہیں تو ان کا استعمال درست ہے، جو کلمات آپ کے پڑھنے میں نہیں آ رہے ان کے متعلق آپ دینے والے سے یا کسی ماہر سے تسلی کر سکتی ہیں۔

حضرت مولانا مفتی محمد عبدالمجید دین پوری رحمہ اللہ

نقش وتعویذات کا حکم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ:

حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ کی مشہور کتاب "بہشتی زیور" کے حصہ نہم میں جھاڑ پھونک اور عملیات خاص کے بہت سے نسخے درج ہیں۔ ان عملیات خاص میں مختلف آیتیں بطور تعویذ انسانی جسم، خاص کر پیٹ 'ناف' کمر اور ران پر باندھنے اور لٹکانے کا ذکر ہے۔

کیا یہ عمل قرآن کی آیات کی بے حرمتی اور بے جا استعمال نہیں ہے؟ اس سلسلہ میں مزید چند سوالات آپ سے عرض ہیں:

ا...... کیا احادیث میں یہ نہیں آیا کہ تعویذ لٹکانا یا باندھنا شرک ہے؟ اگر قرآنی آیات پر مشتمل تعویذ جائز ہے اور شرک نہیں تو پھر ایسا تعویذ جسم کے کس کس

حصہ پر جائز ہے؟

۲......ہمارے کچھ علماء کہتے ہیں کہ قرآنی آیات اور مسنون دعاؤں کے علاوہ جو نقش اور نشانات اور ہندسے مثلاً: ۲، ۳، ۴، ۵ وغیرہ اور قرآنی الفاظ کے آگے پیچھے اور الٹ پلٹ کر لکھائی پر مشتمل تعویذ ناجائز، ممنوع اور حرام ہیں۔ حالانکہ ''بہشتی زیور'' کے مختلف صفحات پر اس قسم کے تعویذوں کی ترغیب دی گئی ہے۔

آپ کی سہولت کی خاطر ایسے تعویذات کے حوالہ جات جو ''بہشتی زیور'' کے نویں حصے میں بیان ہوئے ہیں، ان کی فہرست اور اشارات کا ایک الگ ورق خط کے ساتھ منسلک ہے۔ براہ کرم جلدی جواب دیجئے گا۔ فقط والسلام

سائل/ خالد شجاع

الجواب: واضح رہے کہ جو شخص بھی اس دنیا میں آیا اس نے ایک نہ ایک دن موت کا مزہ چکھ کر دوسرے جہان آخرت کو یقیناً جانا ہے۔ اس دنیا میں بھی ہماری کچھ ضروریات ہیں، لیکن یہ دنیا ہمارا اصلی گھر نہیں، یہ تو مسافر خانہ ہے، دنیا اور آخرت کے درمیانی بارڈر کا نام موت ہے، اس سے اس طرف دنیا اور اس طرف آخرت ہے۔ ہم نے چونکہ دنیا و آخرت دونوں کی ذمہ داریاں پوری کرنی ہیں، اس کے لئے کچھ کام ہم موت سے پہلے زندگی کے نفع و نقصان کے لئے کرتے ہیں، ان کاموں کو دنیا کے کام کہا جاتا ہے۔

جو کام ہم موت کے بعد آخرت کی زندگی کے بناؤ یا بگاڑ کے لئے کرتے ہیں، ان کو دین کے کام کہا جاتا ہے: مثلاً ہم نماز، روزہ، حج، زکوۃ اور جہاد وغیرہ کرتے ہیں تاکہ آخرت کا گھر آباد ہو جائے، اس لیے ان کو دین کا کام کہا جاتا ہے، اور ان کے احکام کو دینی احکام کہا جاتا ہے، اور دینی احکام کا چار دلیلوں میں سے کسی دلیل سے ثابت ہونا ضروری ہے۔

ہم بخار کے لئے دوا کھاتے ہیں، بخار کے لئے دم کرواتے ہیں یا بخار کے لئے تعویذ لیتے ہیں، ان کا نفع و نقصان موت سے پہلے کی زندگی سے متعلق ہے، اس لئے کہ یہ سب دنیوی طریق علاج ہیں، جس طرح بخار کی دوا کے لئے نسخہ، اجزاء اور اوزان، طریقہ استعمال اور پرہیز وغیرہ امور کا دلائل اربعہ میں کسی سے ان کی مکمل تفصیلات کا مذکور ہونا ضروری نہیں، (البتہ امور آخرت میں تفصیلات کا ادلہ اربعہ میں مذکور ہونا ضروری ہے) اسی طرح بخار کے بعض دم اور تعویذ کا بھی قرآن وحدیث میں مذکور ہونا ضروری نہیں ہے۔

اسی طرح بعض بیماریوں کی دواؤں کا ذکر بعض احادیث میں ملتا ہے، لیکن بہت سی بیماریوں اور دواؤں کا ذکر نہیں ملتا، اسی طرح بعض ''دم'' احادیث میں مذکور ہیں اور بعض ''دم'' احادیث میں مذکور نہیں۔

یہ اچھی طرح سمجھنا چاہئے کہ کوئی شخص اس لئے دم نہیں کرواتا کہ پل صراط سے آسانی سے گذر جائے، نہ اس لئے تعویذ لیتا ہے کہ منکر نکیر کے سوالات کا جواب آسان ہو جائے یا دوزخ سے بچنے کا تعویذ مانگتا ہو۔

غرضیکہ دوا اور دم محض دنیوی طریق علاج ہیں، اور دنیوی امور کے بارے میں جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''انتم اعلم بامر دنیاکم''[1]

''یعنی تم لوگ دنیوی امور میں اپنے تجربہ کی وجہ سے زیادہ جاننے والے ہو۔''

اسی کے متعلق امام نوویؒ فرماتے ہیں:

''امور معاش میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رائے مبارک دوسروں کی طرح ہے، اس لئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی توجہ معارف آخرت کی طرف ہے۔''

مقصد یہ ہے کہ تعویذات اور دم وغیرہ کو محض طریقہ علاج کے پس منظر میں دیکھنا چاہئے اور دم و تعویذات وغیرہ کو دنیوی بیماریوں کے دنیوی علاج کی مانند سمجھنا لازمی ہے، اس بات کو اپنا اصل اور مبدأ بحث بناتے ہوئے اب اپنے سوالات کے جواب ملاحظہ فرمائیں:

۱......جو تعویذات قرآنی آیات اور اسماء حسنیٰ اور دوسرے ثابت شدہ اوراد پر مشتمل ہوں ان کو تعویذ بنا کر باندھنا اور لٹکانا شرک نہیں بلکہ جائز ہے۔ کیونکہ اس کی حیثیت محض ایک دنیوی طریقہ علاج کی ہے۔ جیسا کہ ''فتاویٰ شامی'' میں ہے:

''ولا بأس بالمعاذات اذا کتب فیها القرآن او اسماء

---

[1] الصحیح لمسلم - کتاب الفضائل - باب وجوب امتثال ما قاله شرعا......الخ - ۲/ ۲۶۴ - ط: قدیمی کراچی، الطبعۃ الثانیۃ ۱۳۷۵ھ بمطابق ۱۹۵۶ء۔

اللہ تعالیٰ''......الخ [1]

اور دوسری جگہ ہے:

''او یکتب فی ورق ویعلق علیه او فی طست ویغسل ویسقی وعن النبی صلی اللہ علیه وسلم انه کان یعوذنفسه، قال رضی اللہ عنه: وعلی الجواز عمل الناس الیوم وبه وردت الاثار''......الخ [2]

دم اور تعویذ شرک نہیں بلکہ جائز ہیں اور اسی پر اجماع ہے۔ البتہ دم اور تعویذ کے لئے تین شرطوں کا تحقق لازمی ہے، اگر وہ تین شرطیں مفقود ہو جائیں تو پھر اس کے عدم جواز میں کوئی شک وشبہ نہیں مطلقاً دم اور تعویذ کو شرک کہنا غلط ہے۔ وہ شرائط یہ ہیں:

۱......تعویذات اللہ کے کلام یعنی قرآن کریم سے ہوں یا اللہ کے اسماء و صفات سے ہوں۔

۲......عربی زبان میں ہوں اور اگر کسی عجمی زبان میں ہوں تو اس کے الفاظ کے معانی معلوم ہوں۔

۳......دم کرنے اور کرانے والا دونوں یہ اعتقاد رکھتے ہوں کہ دم اور تعویذ میں بذاتہ کوئی تاثیر نہیں بلکہ مؤثر حقیقی صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔ یہ دم اور تعویذ صرف سبب اور ذریعہ ہیں۔

جیسا کہ ''فتح الباری'' میں ہے:

''وقد اجمع العلماء علی جواز الرقی عند اجتماع ثلاثة شروط: ان یکون بکلام اللہ تعالیٰ اوباسمائه وصفاته وباللسان العربی او بما یعرف معناه من غیره. وان یعتقد ان الرقیة لا توثر بذاتها بل بذات اللہ تعالیٰ......''الخ۔(۱)

اور مسلم شریف میں ہے کہ جس دم اور تعویذ میں شرک نہ ہو وہ جائز ہے

---

[1] الدر المختار - کتاب الحظر والاباحة - فصل فی اللبس - ۶/ ۳۶۳ - ط: ایچ ایم سعید کراچی۔

[2] المرجع السابق: ۶/ ۳۶۴۔

اس میں ممانعت نہیں۔ جیسا کہ فرماتے ہیں:

''لا بأس بالرقی مالم یکن فیه شرك......''(۲)

مذکورہ شرائط کے ساتھ دم اور تعویذ کے جواز پر چاروں ائمہ متفق ہیں، جیسا کہ ''کتاب الاثار'' میں ہے:

''قال محمد: وبه نأخذ إذا کان من ذکر اللہ أو من کتاب اللہ وهو قول أبی حنیفة''(۳)

اور بخاری کے حاشیہ میں ہے:

''فیه جواز الرقیة وبه قالت الائمة الاربعة وفیه جواز اخذ الاجرة''......الخ(۴)

حوالہ(۱) فتح الباری شرح صحیح البخاری - کتاب الطب - باب الرقی - ۱۰/ ۱۹۵ - رقم الحدیث: ۵۷۳۵ - رقم الباب: ۳۲ - ط: رئاسة ادارات البحوث العلمیة بالمملکة السعودیة۔

حوالہ(۲) الصحیح لمسلم - کتاب السلام - باب استحباب الرقیة من العین والنملة - ۲/ ۲۲۴ - ط: قدیمی کراچی الطبعة الثانیة ۱۳۷۵ھ بمطابق ۱۹۵۶ء۔

حوالہ(۳) کتاب الاثار للإمام الأعظم أبی حنیفة نعمان بن ثابت - کتاب الحظر والاباحة - باب الرقیة من العین والاکتواء - رقم الحدیث: ۸۸۹ - ص: ۳۷۶ - ۳۷۷، ط: الرحیم اکیڈمی بار اول ۱۴۱۰ھ۔ وکذا فی مؤطا امام محمد ص: ۳۷۳، باب الرقی، ابواب السیر، ط: میر محمد کراچی۔ ۱۳۸۱ھ بمطابق ۱۹۶۱ء۔

حوالہ(۴) حاشیة البخاری لأحمد علی السهارنفوری - کتاب الاجارة - باب یعطی فی الرقیة - ۱/ ۳۰۴ - حاشیة: ۸، ط: قدیمی کراچی، الطبعة الثانیة ۱۳۸۱ھ بمطابق ۱۹۶۱ء۔

متعدد اسلاف ؒ سے دم کرنا اور تعویذ لکھنا ثابت ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمروؓ کا تعویذ لکھ کر دینا ثابت ہے۔ [3]

---

[3] مصنف ابن ابی شیبة - کتاب الطب - فصل من رخص فی تعلیق التعاویذ - ۸/ ۳۹ - رقم الحدیث: ۳۵۹۸ - ط: ادارة القرآن کراچی، ۱۴۱۶ھ۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بچے کی پیدائش کے لئے دو آیات قرآنی لکھ کر دیتے تھے۔ ملاحظہ ہو مصنف ابن ابی شیبہ [1]

سیدہ عائشہ صدیقہؓ اس بات کو منع نہیں فرماتی تھی کہ پانی کو تعویذ میں ملا کر اس پانی کو مریض پر چھڑکا جائے، ملاحظہ ہو: مصنف ابن ابی شیبہ [2]

یہاں تک کہ ابن صلاحؒ سے جب یہ دریافت کیا گیا کہ: کیا حیوانات کو بھی نظر لگتی ہے؟ اگر ایسا ہے تو اس کے لئے جائز تعویذ قرآنی کا کیا حکم ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ: ہاں جانوروں کو بھی نظر لگتی ہے اور ان کے لئے قرآنی تعویذ جائز ہے اور مکروہ نہیں ہے بلکہ اس کا ترک مختار ہے۔ (تجلیات صفدر) [3]

غرضیکہ مذکورہ شروط پائے جانے کے وقت جائز دم اور جائز تعویذ جائز ہے، جیسے جائز علاج جائز ہے اور ناجائز علاج ناجائز ہے۔

جب یہ بات واضح ہوگئی کہ تعویذات وغیرہ بطور علاج کے لٹکائے جاتے ہیں، تو ظاہری بات ہے انسان کے جس حصہ اور عضو میں تکلیف ہوگی اسی حصہ اور عضو میں وہ تعویذ بطور علاج و دوا کے باندھا جائے گا اور اس طرح باندھنا جائز ہے اور یہی تعویذ وغیرہ اگر کپڑے یا چمڑے میں لپٹا ہوا ہو تو اسے ناف، ران، اور جسم کے کسی بھی دوسرے حصے میں باندھنے سے اس کی اہانت نہیں ہوتی جیسا کہ انسان کے جسم کے کسی بھی حصے میں اگر درد ہوا اور اس پر کچھ پڑھ کر پھونک دینے سے اس کی اہانت نہیں ہوتی تو اسی طرح قرآنی آیات کو اگر بطور علاج کے باندھا جائے تو اس کی اہانت نہیں ہوگی۔ البتہ کپڑے یا چمڑے میں لپیٹے بغیر تعویذ کو ران وغیرہ کے قریب باندھنا درست نہیں ہے، اس لئے کہ اس صورت میں قرآن کریم کی اہانت لازم آتی ہے۔ جیسا کہ ''فتاویٰ شامی'' میں ہے:

''ولا بأس بأن يشد الجنب والحائض التعاويذ على العضد إذا كانت ملفوفة'' (رد المحتار - کتاب الحظر والاباحۃ - فصل فی اللبس - ۶/ ۳۶۴ - ط: ایچ ایم سعید، کراچی) [4]

لہٰذا ''بہشتی زیور'' میں حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی نے جو تعویذات ران اور ناف پر باندھنے کے لئے لکھے ہیں، ان تعویذات کو کپڑے یا چمڑے میں لپیٹ کر باندھنے سے قرآن کریم کی اہانت نہیں ہوتی، بلکہ جائز ہے، اس لئے کہ یہ محض بطور دواء و علاج کے ہے۔

۲..... جو تعویذات نقوش و ہندسوں کی صورت میں لکھے جاتے ہیں، اگر وہ ہندسے اور نقشے ایسے ہیں جو کہ قرآن کریم کی آیات اور مسنون دعاؤں کے علاوہ کے ہندسے ہیں تو وہ ناجائز ہیں، ان کا باندھنا اور لکھنا درست نہیں ہے۔ البتہ وہ ہندسے وغیرہ ایسے ہیں جو کہ قرآنی آیات اور مسنون دعاؤں وغیرہ کے ہیں تو ان ہندسوں والے تعویذوں کے جائز ہونے میں کوئی شک و شبہ نہیں ہے، اس لئے کہ وہ قرآنی آیات اور دعاؤں پر دلالت کررہے ہیں۔ دراصل اکابرین نے عوام کی سہولت کے لئے یہ طریقہ اختیار کیا ہے، کیونکہ قرآن کریم کی آیت کو بلا وضو اور ناپاکی کی صورت میں چھونا جائز نہیں ہے، جبکہ ان حالات میں ان کے ہندسوں اور نقوش کو چھونا جائز رہے گا۔

حاصل یہ ہے کہ جائز تعویذات کے نقوش اور ہندسے جائز اور ناجائز کے ناجائز ہیں اور اکابرین نے آیات کے نقش اور ہندسوں میں تاثیر واثر ہونے پر اپنے تجربات کو ذکر کیا ہے اور اس میں علاج والی تاثیر موجود ہونے کی صراحت کی ہے، لہٰذا جائز تعویذات کے نقش و ہندسوں کے عدم جواز کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ جیسا کہ ''فتاویٰ شامی'' میں ہے:

''اقول الذى رايته فى المجتبى: التميمة المكروهة ما كان بغير القرآن...ولا باس بالمعاذات اذا كتب فيها القرآن او اسماء الله تعالىٰ ويقال رقاه الراقى رقيا ورقية

---

[2] مصنف ابن ابی شیبۃ - کتاب الطب - فصل فی الرخصۃ فی القرآن یکتب - ۸/ ۲۷ - الحدیث: ۳۵۵۹۔

[3] المرجع السابق - ۸/ ۲۸ - رقم الحدیث ۳۵۶۰۔

[4] تجلیات صفدر - تعویذات کے متعلق ایک کتاب پر تبصرہ - تعویذات برائے حیوانات - ۳/ ۵۲۵ - ط: جمعیۃ اشاعۃ العلوم الحنفیہ فیصل آباد، ۱۴۲۰ھ بمطابق ۲۰۰۰ء

[4] رد المحتار - کتاب الحظر والاباحۃ - فصل فی اللبس - ۶/ ۳۶۴ - ط: ایچ ایم سعید، کراچی۔

إذا عوذه ونفث في عوذته قالوا: وإنما تكره العوذة إذا كانت بغير لسان العرب ولا يدري ماهو ولعله يدخله سحر أو كفر أو غير ذلك، واما ما كان من القرآن أو شئي من الدعوات فلا بأس به"

اور قرآن کریم کے الفاظ کو آگے پیچھے اور اُلٹ پلٹ کر لکھنا خلاف سنت اور ناجائز ہے اور ایسی لکھائی پر مشتمل تعویذ بھی خلاف سنت اور ناجائز ہے۔ جیسا کہ ''الاتقان فی علوم القرآن'' میں ہے:

''وقال البيهقي في شعب الايمان من يكتب مصحفا فينبغي ان يحافظ على الهجاء الذى كتبوا به تلك المصاحف ولا يخالفهم فيه ولا يغير مما كتبوه شيئا فانهم كانوا اكثر علما واصدق قلبا ولسانا واعظم امانة منا فلا ينبغي ان نظن بانفسنا استدراكا عليهم......الخ [2]

البتہ اگر بیماری ایسی ہو کہ اس کا کوئی علاج نہ ہو اور کوئی دوا نہ ہو اور اس کا علاج سوائے اس قسم کے اور کوئی نہ ہو تو پھر بحالت مجبوری اس طرح کا تعویذ استعمال کرنا جائز ہوگا' جیسا کہ بحالت مجبوری جب کوئی راہ نہ ہو تو حرام چیز کے ساتھ علاج کرانا جائز ہے اور اسی پر محمول ہے جو کچھ کہ حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانویؒ نے اس موقع پر بہشتی زیور میں لکھا ہے۔

الجواب صحیح الجواب صحیح کتبہ

محمد عبدالمجید دین پوری محمد شفیق عارف رشید احمد سندھی

بینات-صفر ۱۴۲۴ھ بمطابق مئی ۲۰۰۳ء

جلد:۶۶-شمارہ:۲،ص:۵۵-۶۰

یہ ایک تفصیلی فتویٰ ہے جو کہ اہل علم حضرات کے لیے کافی ہے۔ لکھنے کو تو بہت کچھ ہے لیکن اسی پر اکتفا کرتا ہوں کیونکہ سمجھنے والے کے لیے یہ بہت ہے۔ مزید یہ کہ ہمارے ادارے کی طرف سے فنِ عملیات پر ہونے والے اعتراضات کے مدلل جوابات پر ایک کتاب مرتب کی جا رہی ہے۔ اس میں تعویذات کے لکھنے اور استعمال کرنے اور کروانے کے بارے میں بہت مواد موجود ہے۔ کتاب مکمل ہونے میں ابھی کافی وقت ہے لیکن اس کے شائع ہونے کے بعد پوری امید ہے کہ اعتراض کرنے والوں کو عاملین بہت آسانی سے جواب دے سکیں گے۔ دعا فرمائیں کہ اللہ جل جلالہ جلد اس کتاب کو تکمیل تک پہنچا دے۔

---

[1] المرجع السابق: ۶/ ۳۶۳

[2] الاتقان فی علوم القرآن للامام جلال الدین السیوطی-النوع السادس والسبعون فی مرسوم الخط وآداب کتابتہ-فصل: القاعدۃ العربیۃ-۲/ ۱۶۷-ط: سہیل اکیڈمی لاہور-۱۳۹۴ھ۔

امام العاملین استاذِ مکرم حضرت مولانا امان اللہ صاحب نقشبندی نوراللہ مرقدہٗ کے تجویز کردہ قرآنی تعویذات ... مرتب: خالد مقبول حفظہ اللہ

برائے کشادنِ نکاح وحفاظت جادو وغیرہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔ فَلَمَّاۤ اَلۡقَوۡا قَالَ مُوۡسٰى مَا جِئۡتُمۡ بِهِ ۙ السِّحۡرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبۡطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصۡلِحُ عَمَلَ الۡمُفۡسِدِيۡنَ۔ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الۡحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوۡ كَرِهَ الۡمُجۡرِمُوۡنَ اور آخر تین قل بھی لکھے، تین تعویذ بنائے۔ ایک بازو میں باندھے اور دو عدد بارش کے پانی یا آب زمزم میں گھول کر گیارہ (۱۱) دن تک بوقت صبح نہائے۔ان شاءاللہ نکاح کھل جائے گا۔

گھرآ کر رشتے کی دعوت دیں

اگر رشتہ مطلوب ہوتو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو سات سو چھیاسی (۷۸۶) بار لکھ کر ڈبے میں بند کر کے گھر رکھیں تو گھر آ کر رشتہ کی دعوت دیں گے۔

مانع اسقاط جنین واثمار

یہ آیت لکھ کر حاملہ بطور تعویذ گلے میں یا کمر میں باندھے، بھینس کو بھی۔ اگر درختوں سے پھل گرتے ہیں تو ان کو بھی باندھے۔ اتوار یا جمعہ کو بوقت ظہر باوضو لکھے۔ وَلَبِثُوۡا فِىۡ كَهۡفِهِمۡ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيۡنَ وَازۡدَادُوۡا تِسۡعًا (الکھف:۲۵)

برائے استقرارِ حمل

بروز بدھ بوقت عصر، عورت میٹھی روٹی پکائے۔ اس روٹی پر سورۂ تبت یدا ابی لھب پوری سورۃ بغیر بسم اللہ کے لکھے۔ رات کو عورت اپنے ہاتھ سے دو حصے کرے۔ آدھا خود کھائے اور آدھا مرد کھائے۔ پھر جماع کریں۔ ان شاءاللہ، ضرور کام بن جائے گا۔

برائے حفاظت حمل

یہ تعویذ لکھ کر عین پیٹ پر لٹکاوے۔

اِنَّ اللّٰهَ يُمۡسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ اَنۡ تَزُوۡلَا ۚ وَلَئِنۡ زَالَتَاۤ اِنۡ اَمۡسَكَهُمَا مِنۡ اَحَدٍ مِّنۡۢ بَعۡدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيۡمًا غَفُوۡرًا ۝ (فاطر:۴۱)

فَاللّٰهُ خَيۡرٌ حٰفِظًا ۖ وَّهُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِيۡنَ ۝ (یوسف:۶۴)

برائے مرگی ودرد چشم

يُرِيۡدُ اللّٰهُ اَنۡ يُّخَفِّفَ عَنۡكُمۡ ۚ وَخُلِقَ الۡاِنۡسَانُ ضَعِيۡفًا ۝ (النسآء:۲۸)

اَلۡـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنۡكُمۡ وَعَلِمَ اَنَّ فِيۡكُمۡ ضَعۡفًا (الانفال:۶۶)

ذٰلِكَ تَخۡفِيۡفٌ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ وَرَحۡمَةٌ ؕ (البقرۃ:۱۷۸)

وَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ اِلَّا رَحۡمَةً لِّلۡعٰلَمِيۡنَ ۝ (الانبیآء:۱۰۷)

فَاللّٰهُ خَيۡرٌ حٰفِظًا ۖ وَّهُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِيۡنَ ۝ (یوسف:۶۴)

لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

مفرور وگمشدہ کی واپسی کے لیے

جو بچہ مدرسہ یا مکتب سے بھاگتا ہو تو اس کے گلے میں ان آیات کو لکھ کر موم جامہ کر کے ڈالیں۔ وہ بچہ ان شاءاللہ، بھاگنا چھوڑ دے گا۔ وہ آیات یہ ہیں: كَلَّا بَلۡ تُكَذِّبُوۡنَ بِالدِّيۡنِ ۝ وَاِنَّ عَلَيۡكُمۡ لَحٰفِظِيۡنَ ۝ كِرَامًا كَاتِبِيۡنَ ۝ يَعۡلَمُوۡنَ مَا تَفۡعَلُوۡنَ ۝ اِنَّ الۡاَبۡرَارَ لَفِىۡ نَعِيۡمٍ ۝ وَّاِنَّ الۡفُجَّارَ لَفِىۡ جَحِيۡمٍ ۝ يَّصۡلَوۡنَهَا يَوۡمَ الدِّيۡنِ ۝ وَمَا هُمۡ عَنۡهَا بِغَآئِبِيۡنَ ۝ (الانفطار:۹-۱۶)

اولیاء اللہ اور بزرگانِ دین کے تجویز کردہ قرآنی تعویذات

مرتب: اراکین دار العمل چشتیہ، لاہور

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ

بخار سے نجات

حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ بخار کے لئے یہ لکھ کر مریض کو بندھواتے تھے۔

يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ﴿۲۸﴾ (النساء:۲۸)

اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ؕ (الانفال:۶۶)

رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲﴾ (الدخان:۱۲)

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ؕ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۷﴾ (یونس:۱۰۷)

حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ

جادو کا دفاع

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۟ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۗ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿۲۸۵﴾ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَاۤ اِنْ نَّسِيْنَاۤ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَاۤ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۟ وَاغْفِرْ لَنَا ۟ وَارْحَمْنَا ۟ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾ (البقرۃ:۲۸۵-۲۸۶)

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿۲۵۵﴾ (البقرۃ:۲۵۵)

وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ﴿۲۰﴾ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿۲۱﴾ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿۲۲﴾ (البروج:۲۰-۲۲)

اس تعویذ کو سحر زدہ گردن میں لٹکا دیا جائے۔

شاہ عبد العزیز محدث دہلوی نور اللہ مرقدہ

بخار سے نجات

مولانا شاہ عبد العزیز رحمہ اللہ اور مولانا شاہ اسحاق رحمہ اللہ دفع بخار کے واسطے گلے میں باندھنے کے لئے یہ لکھ دیتے تھے۔

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰۤى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۶۹﴾ (الانبیاء:۶۹)

حضرت شیخ محمد محدث تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

ناراض راضی ہوجائے......کلام سے لوگ متاثر ہوں

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا ۠ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ عَلٰي شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿١٠٣﴾ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿١٠٤﴾

(ال عمران: ۱۰۳-۱۰۴)

پیر کے دن چاند کے شروع تاریخوں میں ہرن کی جھلی پر شہوت کے عصارہ سے لکھے اور اپنے پاس رکھے۔ جو شخص اس سے ناراض ہوگیا ہو، پھر خوش ہوجائے۔ اور جو اس کی بات سنے گا، قبول کرے گا۔ اگر واعظ ہوگا تو اس کا کلام لوگوں کے قلوب پر مؤثر ہوگا۔

برائے اجرائے بول (پیشاب)

اگر کسی کا پیشاب بند ہوجائے تو اس کی گردن میں یہ لکھ کر بندھوادے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ۭ بَلٰغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٣٥﴾

(الاحقاف: ۳۵)

ان شاء اللہ، بول جاری ہوجائے گا۔

قطب الارشاد حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ

برائے محبت و وجاہت

ان آیات کا نقش بنا کر بطور حرز یہ آیتیں لکھ کر طالب اپنے بازو پر باندھ لیوے۔

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ ۚ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ ﴿٥٤﴾ (یوسف: ۵۴)

اِنِّىْ وَجَّهْتُ وَجْهِىَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٧٩﴾ (الانعام: ۷۹)

وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ﴿٦٩﴾ (الاحزاب: ۶۹)

وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿٤٥﴾

(ال عمران: ۴۵)

لَّهٗ ۭ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ڬ وَلِتُصْنَعَ عَلٰي عَيْنِيْ ﴿٣٩﴾

(طٰہٰ: ۳۹)

يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۭ

(البقرۃ: ۱۶۵)

فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ (ال عمران: ۳۱)

يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ (المائدۃ: ۵۴)

لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٣﴾ (الانفال: ۶۳)

حضرت مولانا محمد یٰسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ

(مدرس دارالعلوم دیوبند)

بچے کے غیر معمولی رونے کا علاج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿٣٥﴾

(المرسلٰت: ۳۵)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ (طٰہٰ: ۱۰۸)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓي اَفْوَاهِهِمْ

(یٰس: ۶۵)

یہ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔

برائے گریۂ طفل

وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۱۳

(الانعام: ۱۳)

اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ۝۵۹ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ۝۶۰ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ۝۶۱ فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ۝۶۲

(النجم: ۵۹-۶۲)

اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَاۗءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ۝۴۵ (الفرقان: ۴۵)

یہ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالا جائے۔

برائے اختلاجِ قلب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَىِٕنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ ۝۲۸ (الرعد: ۲۸)

وَرَبَطْنَا عَلٰي قُلُوْبِهِمْ (الکہف: ۱۴)

لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰي قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۱۰

(القصص: ۱۰)

وَلِيَرْبِطَ عَلٰي قُلُوْبِكُمْ (الانفال: ۱۱)

یہ آیات کاغذ پر لکھ کر گلے میں اس طرح ڈالیں کہ تعویذ قلب پر رہے یا کرتہ وغیرہ میں اس جگہ ٹانکہ لگالیں۔

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ
(سابق مفتی دارالعلوم دیوبند)

حفاظتِ اولاد کے لئے

جس عورت کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں، وہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اکسٹھ (٦١) مرتبہ لکھ کر تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ بچے محفوظ رہیں گے۔

کھیتی کی حفاظت کے لئے

ایک سو (١٠٠) مرتبہ پوری بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھ کر کھیت میں دفن کر دے تو کھیتی تمام آفات سے محفوظ رہے اور اس میں برکت ہو، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

تسخیرِ قلوب

جو شخص بسم اللہ الرحمن الرحیم کو چھ سو (٦٠٠) مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے تو لوگوں کے دلوں میں اس کی عظمت و عزت ہوگی، کوئی اس سے بدسلوکی نہ کر سکے گا۔

حفاظت از آفات

جو شخص محرم کی پہلی تاریخ کو ایک سو تیرہ (١١٣) مرتبہ پوری بسم اللہ الرحمن الرحیم کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے گا، ہر طرح کی آفات و مصائب سے محفوظ رہے گا۔ مجرب ہے۔

حضرت مولانا عبدالحفیٰ دائمی صاحب رحمہ اللہ

برائے ذہن و قوت حافظہ

سورۂ اعلیٰ لکھ کر اپنے گلے میں باندھے یا کسی سے لکھوا کر باندھ لے (موم جامہ کرکے)۔ ذہن اور حافظہ قوی ہوگا۔

حضرت مولانا عبداللہ درخواستی رحمۃ اللہ علیہ

نس بندی کھولنے کے لئے

نس بندی کھولنے کی غرض سے اس آیت کو لکھ کر تعویذ بنا کر مرد کے گلے

میں لٹکایا جائے۔ ان شاء اللہ فائدہ پہنچے گا۔

فَفَتَحۡنَاۤ اَبۡوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنۡهَمِرٍ ﴿۱۱﴾ وَّفَجَّرۡنَا الۡاَرۡضَ عُیُوۡنًا فَالۡتَقَی الۡمَآءُ عَلٰۤی اَمۡرٍ قَدۡ قُدِرَ ﴿۱۲﴾ وَحَمَلۡنٰهُ عَلٰی ذَاتِ اَلۡوَاحٍ وَّدُسُرٍ ﴿۱۳﴾ تَجۡرِیۡ بِاَعۡیُنِنَا ۚ جَزَآءً لِّمَنۡ کَانَ کُفِرَ ﴿۱۴﴾

(القمر: ۱۱-۱۴)

ہر بیماری سے شفاء کا تعویذ

ہر بیماری کے لئے لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

یُرِیۡدُ اللّٰهُ اَنۡ یُّخَفِّفَ عَنۡکُمۡ ۚ وَخُلِقَ الۡاِنۡسَانُ ضَعِیۡفًا ﴿۲۸﴾

(النسآء: ۲۸)

اَلۡـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنۡکُمۡ وَعَلِمَ اَنَّ فِیۡکُمۡ ضَعۡفًا ؕ

(الانفال: ۶۶)

ذٰلِکَ تَخۡفِیۡفٌ مِّنۡ رَّبِّکُمۡ وَرَحۡمَةٌ (البقرۃ: ۱۷۸)

وَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰکَ اِلَّا رَحۡمَةً لِّلۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۱۰۷﴾ (الانبیاء: ۱۰۷)

فَاللّٰهُ خَیۡرٌ حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ ﴿۶۴﴾ (یوسف: ۶۴)

برائے دفعیہ سحر

معوذتین کا تعویذ اس کے گلے میں ڈالیں۔

برائے دفعیہ سحر

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ فَلَمَّاۤ اَلۡقَوۡا قَالَ مُوۡسٰی مَا جِئۡتُمۡ بِهِ السِّحۡرُ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبۡطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصۡلِحُ عَمَلَ الۡمُفۡسِدِیۡنَ۔ وَیُحِقُّ اللّٰهُ الۡحَقَّ بِکَلِمٰتِهٖ وَلَوۡ کَرِهَ الۡمُجۡرِمُوۡنَ۔ فَوَقَعَ الۡحَقُّ وَبَطَلَ مَا کَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ۔ فَغُلِبُوۡا هُنَالِکَ وَانۡقَلَبُوۡا صٰغِرِیۡنَ۔ وَاُلۡقِیَ السَّحَرَةُ سٰجِدِیۡنَ۔ قَالُوۡۤا اٰمَنَّا بِرَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ۔ رَبِّ مُوۡسٰی وَهٰرُوۡنَ۔ اِنَّمَا صَنَعُوۡا کَیۡدُ سٰحِرٍ وَلَا یُفۡلِحُ السَّاحِرُ حَیۡثُ اَتٰی۔

پھر معوذتین سورتیں لکھیں اور مریض کے گلے میں ڈالیں۔

حضرت مولانا صدیق احمد باندوی رحمۃ اللہ علیہ

حب زوجین کا تعویذ

ایک صاحب نے خط لکھا کہ شوہر بیوی کو بہت تنگ کرتا ہے، ہر طرح سے پریشان کرتا ہے۔ مارتا پیٹتا ہے، اس کے لئے کچھ تحریر فرمائیں۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا:

مکری زید کرمکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دعا، کرتا ہوں اللہ پاک پریشانی دور فرمائے۔

ایک تعویذ کا نقش بھیج رہا ہوں۔ آپ کاغذ پر لکھ کر لڑکے کی بیوی کے گلے میں باندھ دیجئے۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
یحبونھم کحب اللہ والذین
آمنو اشد حبا اللہ فسیکفیکھم
اللہ وھو السمیع العلیم

نوٹ: اس تعویذ کو لکھنے اور چھونے وباندھنے کے لئے شرط ہے کہ باوضو ہو کیونکہ اس میں قرآنی آیات ہیں۔ (مرتب)

میاں بیوی میں باہم الف و محبت کیلئے

نہایت مجرب و موثر عمل

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقۡنٰکُمۡ مِّنۡ ذَکَرٍ وَّاُنۡثٰی وَجَعَلۡنٰکُمۡ شُعُوۡبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوۡا ؕ اِنَّ اَکۡرَمَکُمۡ عِنۡدَ اللّٰهِ اَتۡقٰکُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیۡمٌ خَبِیۡرٌ ﴿۱۳﴾ (الحجرات: ۱۳)

میاں بیوی میں باہم سلوک کرانے اور الفت ومحبت پیدا کرنے کے لئے یہ آیات لکھ کر دے یا دم کر کے کھلائے پلائے۔ ان شاء اللہ فوراً محبت ہوگی۔ مجرب ہے۔ (منقول از بیاض صدیقی)

حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ صاحب رحمہ اللہ

نظر بد کا علاج

اگر نظر بد کا شک ہو تو آیات ذیل لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○ وَاِنۡ يَّكَادُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَيُزۡلِقُوۡنَكَ بِاَبۡصَارِهِمۡ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكۡرَ وَيَقُوۡلُوۡنَ اِنَّهٗ لَمَجۡنُوۡنٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكۡرٌ لِّلۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۵۲﴾ (القلم: ۵۲-۵۱)

حضرت مولانا حکیم محمد اشفاق صاحب رائے پوری

دفع خوف و رنج و غم، دشمن پر غلبہ، خیر و برکت

بعض محققین نے لکھا ہے کہ اگر کسی شخص کو خوف یا رنج و غم کی بیماری ہو تو ذیل کی آیات لکھ کر پہن لے، ان شاء اللہ، خوف و رنج جاتا رہے گا۔ اسی طرح دشمن پر غلبہ اور کاموں میں خیر و برکت، نیز امراض باطنیہ سے حفاظت بلکہ ہر جسمانی تکلیف کے لیے مفید ہے۔ ذیل کی یہ دونوں آیات ان خصوصیات کی حامل ہیں کہ ان میں تمام حروفِ تہجی جمع ہو گئے ہیں۔

ثُمَّ اَنۡزَلَ عَلَيۡكُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ الۡغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغۡشٰى طَآئِفَةً مِّنۡكُمۡ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدۡ اَهَمَّتۡهُمۡ اَنۡفُسُهُمۡ يَظُنُّوۡنَ بِاللّٰهِ غَيۡرَ الۡحَـقِّ ظَنَّ الۡجَاهِلِيَّةِ ؕ يَقُوۡلُوۡنَ هَلۡ لَّنَا مِنَ الۡاَمۡرِ مِنۡ شَىۡءٍ ؕ قُلۡ اِنَّ الۡاَمۡرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ يُخۡفُوۡنَ فِىۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ مَّا لَا يُبۡدُوۡنَ لَكَ ؕ يَقُوۡلُوۡنَ لَوۡ كَانَ لَنَا مِنَ الۡاَمۡرِ شَىۡءٌ مَّا قُتِلۡنَا هٰهُنَا ؕ قُلۡ لَّوۡ كُنۡتُمۡ فِىۡ بُيُوۡتِكُمۡ لَبَرَزَ الَّذِيۡنَ كُتِبَ عَلَيۡهِمُ الۡقَتۡلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمۡ ۚ وَلِيَبۡتَلِىَ اللّٰهُ مَا فِىۡ صُدُوۡرِكُمۡ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِىۡ قُلُوۡبِكُمۡ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ﴿۱۵۴﴾

(آل عمران: ۱۵۴)

مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيۡنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الۡكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيۡنَهُمۡ تَرٰٮهُمۡ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبۡتَغُوۡنَ فَضۡلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضۡوَانًا سِيۡمَاهُمۡ فِىۡ وُجُوۡهِهِمۡ مِّنۡ اَثَرِ السُّجُوۡدِ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمۡ فِى التَّوۡرٰٮةِ ۛۖ وَمَثَلُهُمۡ فِى الۡاِنۡجِيۡلِ ۛۚ كَزَرۡعٍ اَخۡرَجَ شَطۡئَـهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسۡتَغۡلَظَ فَاسۡتَوٰى عَلٰى سُوۡقِهٖ يُعۡجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَـغِيۡظَ بِهِمُ الۡكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنۡهُمۡ مَّغۡفِرَةً وَّاَجۡرًا عَظِيۡمًا ﴿۲۹﴾ (الفتح: ۲۹)

مولانا حکیم سید شاہ فخر الدین اشرفی الجیلانی

نقش سورۂ اخلاص برائے حب

۷۸۶

احد	الله	هو	قل
يلد	لم	الصمد	الله
ولم	لد	يو	ولم
احد	كفوا	له	يكن

اس کو محبوب کے گھر میں دفن کریں۔

دفع کند ذہنی و کامیابی امتحان

۷۸۶

يَسۡطُرُوۡنَ	وَمَا	وَالۡقَلَمِ	نون
نون	يَسۡطُرُوۡنَ	وَمَا	وَالۡقَلَمِ
وَالۡقَلَمِ	نون	يَسۡطُرُوۡنَ	وَمَا
وَمَا	وَالۡقَلَمِ	نون	يَسۡطُرُوۡنَ

جو لڑکا کند ذہن ہو، پڑھنے سے بھاگتا ہو یا امتحان میں فیل ہو جاتا ہو، یہ نقش زعفران سے باوضو لکھ کر چاندی کی اندلی میں محفوظ کر کے بچے کے گلے میں ڈالیں۔ نقش بدھ کے روز طلوعِ آفتاب کے بعد تحریر کریں۔

قرآنی تعویذات نمبر

حکیم الامّت مجدد ملت حضرت مولانا شاہ اشرف علی تھانوی نوراللہ مرقدہٗ کے

تجویز کردہ قرآنی تعویذات . . مرتب: اراکین دار العمل چشتیہ، لاہور

تجارت میں نفع وترقی

إِنَّ اللَّهَ اشْتَرَىٰ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُم بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ۚ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَيَقْتُلُونَ وَيُقْتَلُونَ ۖ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنجِيلِ وَالْقُرْآنِ ۚ وَمَنْ أَوْفَىٰ بِعَهْدِهِ مِنَ اللَّهِ ۚ فَاسْتَبْشِرُوا بِبَيْعِكُمُ الَّذِي بَايَعْتُم بِهِ ۚ وَذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿١١١﴾ (التوبہ:۱۱۱)

ان آیات کو مال تجارت میں رکھے تو موجب بہتری اور ترقی ہوگا۔

ناف کی تکلیف سے حفاظت

ذَٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۗ (بقرۃ:۱۷۸)

جب کسی کی ناف ٹل گئی ہو، اس آیت کریمہ کو لکھ کر ناف پر باندھے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ صحت ہوجائے گی۔

چوری شدہ مال اور بھاگے ہوئے کی واپسی

وَلِكُلٍّ وِجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا ۖ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ ۚ أَيْنَ مَا تَكُونُوا يَأْتِ بِكُمُ اللَّهُ جَمِيعًا ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿١٤٨﴾ (البقرۃ:۱۴۸)

اس آیت کو کورے کپڑے کے گول کٹے ہوئے ٹکڑے پر لکھ کر اس میں چور یا بھاگے ہوئے آدمی کا نام لکھ کر جس مکان میں چوری ہوئی ہو یا جس مکان سے کوئی بھاگا ہو، اس کی دیوار میں میخ سے گاڑ دیا جائے۔ ان شاءاللہ مال مسروقہ یا گریختہ واپس آئے گا۔

حفاظت کشتی

فَالِقُ الْإِصْبَاحِ وَجَعَلَ اللَّيْلَ سَكَنًا وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ۚ ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ﴿٩٦﴾ وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ النُّجُومَ لِتَهْتَدُوا بِهَا فِي ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۗ قَدْ فَصَّلْنَا الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ﴿٩٧﴾ (سورۃ الانعام:۹۶-۹۷)

اس آیت کو جمعہ کے روز باوضو ساکھو کی تختے پر یا کسی اور لکڑی پر لکھ کر کندہ کر کے کشتی کے آگے باندھ دینے سے تمام آفات سے کشتی محفوظ رہے گی۔

رونا، بدخوابی اور نظر بد، دودھ چھوڑنا

مکمل سورۂ ابراہیم (پ:۱۳)

سفید ہریرے کے ٹکڑے پر اس کو باوضو لکھ کر لڑکے کے باندھے تو رونا اور ڈرنا اور نظرِ بد، سب دفع ہوجاویں اور دودھ چھوڑنا آسان ہو۔

دردِ دست وپا و نظر

وَمَا لَنَا أَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللَّهِ وَقَدْ هَدَانَا سُبُلَنَا ۚ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلَىٰ مَا آذَيْتُمُونَا ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُونَ ﴿١٢﴾ (ابراھیم:۱۲)

جس کے ہاتھ پیروں میں درد یا اس کو نظر ہو، اس کو لکھ کر تعویذ بنا کر باندھ دے، ان شاءاللہ اچھا ہوجائے گا۔

حفاظت از نظر بد، بیماری و درد

سورۂ یٰسٓ لکھ کر پاس رکھنے سے نظرِ بد اور سب بیماری اور درد سے حفاظت میں رہے۔

دفع نظر بد

لَخَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ أَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلَٰكِنَّ

اَکۡثَرَ النَّاسِ لَا یَعۡلَمُوۡنَ (المؤمن: ۵۷)

فَارۡجِعِ الۡبَصَرَ ۙ هَلۡ تَرٰی مِنۡ فُطُوۡرٍ ۝ ثُمَّ ارۡجِعِ الۡبَصَرَ کَرَّتَیۡنِ یَنۡقَلِبۡ اِلَیۡکَ الۡبَصَرُ خَاسِئًا وَّ هُوَ حَسِیۡرٌ ۝ (الملک: ۳-۴)

لکھ کر باندھے۔

حاجت روائی، قبولیت، محبت اور ہیبت کے لیے

اگر لاجورد کے نگینہ پر بدھ کے روز کندہ کر کے انگوٹھی پہنے تو ہر طرح کی حاجت روائی اور قبولیت اور محبت اور ہیبت لوگوں کی نظر میں پیدا ہوگی۔

فَالِقُ الۡاِصۡبَاحِ ۚ وَ جَعَلَ الَّیۡلَ سَکَنًا وَّ الشَّمۡسَ وَ الۡقَمَرَ حُسۡبَانًا ؕ ذٰلِکَ تَقۡدِیۡرُ الۡعَزِیۡزِ الۡعَلِیۡمِ ۝ وَ هُوَ الَّذِیۡ جَعَلَ لَکُمُ النُّجُوۡمَ لِتَهۡتَدُوۡا بِهَا فِیۡ ظُلُمٰتِ الۡبَرِّ وَ الۡبَحۡرِ ؕ قَدۡ فَصَّلۡنَا الۡاٰیٰتِ لِقَوۡمٍ یَّعۡلَمُوۡنَ ۝ (الانعام: ۹۶-۹۷)

برائے تپ لرزہ

بازو پر باندھیں۔

بسم	الله	الرحمٰن	الرحیم
الله	الرحمٰن	الرحیم	بسم
الرحمٰن	الرحیم	بسم	الله
الرحیم	بسم	الله	الرحمٰن

پیٹ درد

یہ آیت لکھ کر پیٹ پر باندھیں۔

لَا فِیۡهَا غَوۡلٌ وَّ لَا هُمۡ عَنۡهَا یُنۡزَفُوۡنَ ۝ (الصّٰفّٰت: ۴۷)

تلی بڑھ جانا

یہ آیت بسم اللہ سمیت لکھ کر تلی کی جگہ باندھیں۔

ذٰلِکَ تَخۡفِیۡفٌ مِّنۡ رَّبِّکُمۡ وَ رَحۡمَةٌ ؕ (البقرۃ: ۱۷۸)

منزل کے عمل کے عامل بنیں

منزل کا عمل جادو، جنات، نظرِ بد، شیطانی اثرات سے نجات اور حفاظت کا خاص عمل ہے۔ اسی طرح دیگر آفات و حادثات سے بھی حفاظت ہوتی ہے۔ اس عمل کا عامل ہر کوئی بن سکتا ہے۔ عامل بن کر درج ذیل بیماریوں کا بھی علاج کر سکتے ہیں: * اختلاج قلب * قیامِ حمل * اسقاطِ حمل سے حفاظت * بلڈ پریشر * پیٹ کی تکلیف * بخار * ٹی بی * پاگل پن * دمہ * شوگر * فالج * ٹی بی * لقوہ * کینسر * مرگی * ہسٹریا * یرقان۔

نقد صدقے کے ساتھ اجازت: برائے علمائے کرام اور ممبران 1600 روپے برائے عوام 2100 روپے۔ چلہ کشی میں علمائے کرام اور ممبران کیلئے فیس نہیں۔

حصارِ خاص

فرشتوں کی حفاظت میں آجائیں

ایک خاص حصار کا عمل ہے جس کے پڑھنے والے کی حفاظت فرشتے کرتے ہیں۔ جنات، شیاطین اور جادو کے شر سے انسان محفوظ رہتا ہے۔ ہر قسم کے ستاروں کی نحوستوں سے حفاظت رہتی ہے۔ اپنی، اپنے اہل و عیال کی اور مال و اسباب کی حفاظت ہوتی ہے۔

اس عمل کا عامل بننے کے لئے اجازت حاصل کرنے کے بعد ایک ماہ کا چلہ کرنا پڑتا ہے۔ چلہ بوقت تہجد کیا جاتا ہے۔ اجازت کا ہدیہ ممبران کے لئے 1600 روپے اور غیر ممبران کے لیے 2100 روپے ہے۔

حصارِ قرآنی کبیر

قرآنی اعمال کا ایک خاص عمل

جہاں آسمانی و زمینی آفتوں کا معاملہ ہے، وہیں نہ نظر آنے والی مخلوق "جنات و شیاطین" سے حفاظت بہت ضروری ہے۔ قرآنی آیات پر مشتمل حصار کا عمل کرنے سے خاص روحانی دفاع حاصل ہوتا ہے۔ عامل اپنی، اپنے اہل وعیال کی حفاظت کے ساتھ ساتھ اپنے مریضوں کا روحانی دفاع کرنے کے بھی قابل ہو جاتا ہے۔ مریض کتنا ہی دور کیوں نہ ہو، عامل حصار لگا سکتا ہے۔ اجازت کا ہدیہ ممبران کے لیے 1600 روپے اور غیر ممبران کے لیے 2100 روپے ہے۔

چہل کاف کے عامل بنیں...... روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ کا "چہل کاف" کا دوسرا تحفہ

ھدیہ: 3100 روپے

یہ چہل کاف، پہلے والے چہل کاف سے کچھ مختلف ہے، جو سات سلام کے ساتھ دیا جاتا ہے۔ اس کے پیچھے بھی جنات کی ایک بڑی تعداد ہے مگر سات سلام والے چہل کاف سے کم۔ یہ عمل عوام کے لئے بہت مناسب ہے جو جادو اور جنات کے ستائے ہوئے ہیں اور عرصہ سے عاملین پر پیسہ خرچ کر رہے ہیں۔ مریض یا اس کے لواحقین میں سے کسی کو اس عمل کی اجازت دلوائیں اور ادارے سے راہنمائی لیتے رہیں۔ ان شاء اللہ، بہت جلد جادو اور جنات کے اثرات ختم ہوں گے اور آئندہ حفاظت بھی رہے گی۔

مفتیان اور علمائے کرام کے تجویز کردہ قرآنی تعویذات

مرتب: اراکین دار العمل چشتیہ، لاہور

فقیہ العصر مفتی اعظم حضرت مولانا محمد فرید رحمہ اللہ

جب ناف ٹل جائے

وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۭ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ (المومنون:۱۸)

تعویذ لکھ کر باندھ لیں۔ ان شاء اللہ ناف اپنی جگہ پر آجائے گی۔

مولانا نور محمد صاحب رحمہ اللہ

حسب پسند جگہ شادی

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ فلاں جگہ رشتہ ہو یا لڑکی یہ چاہتی ہے کہ فلاں جگہ رشتہ ہو تو مندرجہ ذیل نقش عرق گلاب میں زعفران کو حل کر کے باوضو لکھے اور دو پاک پتھروں کے درمیان اس طرح تعویذ کو رکھے کہ پتھر کا وزن تعویذ پر ہو۔ پتھر کم از کم دو کلو وزنی ہو، اس سے کم نہ ہو، اگر زیادہ وزن کا ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔ پتھر پاک زمین پر رکھے کسی تخت، چوکی وغیرہ پر نہ رکھے۔ یہ نقش نو چندی پیر (سوموار کے دن) سورج نکلنے سے قبل رکھے۔ کئی نقش لکھ کر رکھ لے پھر جس کو دے اس کا نام معہ ولدیت اور مطلوبہ (عورت) کا نام معہ نام والدہ نقش کے نیچے لکھ دے۔ اس نقش کا ہدیہ 134 روپے (ایک سو چونتیس روپے) وصول کرے، بلا ہدیہ کسی کو نہ دے، اس نقش کی خانہ پری اس طرح کرے کہ پہلے وہ چار خانے لکھے جس پر نمبر 1 لکھا ہے پھر نمبر 2 کے چار خانے پُر کرے۔ اسی ترتیب سے آٹھوں خانے پُر کرے، نقش کے نیچے مرد اور اس کے والد کا نام الحب لکھے پھر مطلوبہ (عورت) کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھے، صرف جائز مقصد کے لئے کام کرے گا، ناجائز کے لئے کامیاب نہ ہوگا۔ یہ نقش طالب (چاہنے والا) اپنے تکیہ کے نیچے بھی رکھ سکتا ہے۔ مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۳	ولم	یولد	ولم	یکن
۵	هو	الله	احد	الله
۷	یولد	ولم	یکن	له
۱	قل	هو	الله	احد
۶	الصمد	لم	یلد	ولم
۴	له	کفوا	احد	قل
۲	الله	الصمد	لم	یلد
	۸	کفوا	احد	

فلاں بن فلاں علی حب فلانہ بنت فلانہ

حضرت مولانا عزیز الرحمٰن رحمانی مدظلہ

مرض طحال کا علاج

مرض طحال کے لیے آیت الکرسی

13	الرعد	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے سے دشمنوں اور مخالفین پر رعب و دبدبہ اور ان کے ذہنوں پر خوف مسلط ہو جاتا ہے۔

14	ابراہیم	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ سٹور، گودام، آڑھت وغیرہ میں لگانے سے سامان کیڑے مکوڑوں سے محفوظ رہتا ہے نیز بچوں کے تمام امراض کیلئے اس تعویذ کا پلانا بہت ہی فائدہ مند ہے۔
15	الحجر	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ سخت دل، سخت مزاج، سخت طبیعت خاوند کے نام سے تیار کروایا جائے اور دوسرا تعویذ اس کو پلایا جائے تو وہ نرم مزاج ہو جاتا ہے۔
16	النحل	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ مکھیوں، سنڈیوں اور زہریلے کیڑے مکوڑوں سے حفاظت کیلئے بہت ہی مؤثر اور نفع مند ہے۔
17	بنی اسرائیل	اس سورۂ مبارکہ تعویذ ایسے تاجروں کیلئے بہت فائدہ مندہ ہے کہ جن کا کاروبار دوسرے شہروں یا غیر ممالک تک پھیلا ہوا ہے اور وہ اس میں مزید شہرت اور ترقی چاہتے ہوں۔
18	الکہف	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے سے ہر قسم کے دشمنوں سے حفاظت، قاتلوں سے حفاظت، جان لیوا دشمنوں سے حفاظت، مخالفین سے حفاظت اور ہر قسم کے فتنوں سے حفاظت رہتی ہے۔
19	مریم	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پہنانے والا پلانے سے ایسی عورتیں جو غلط راہ پر چل پڑی ہوں یا ان کو غلط تعلقات سے بچانا مقصود ہو تو بہت مؤثر ہے۔
20	طٰہٰ	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ قراء کرام، علماء کرام، خطباء حضرات، پروفیسرز حضرات، لیکچرار حضرت، وکلاء حضرات وغیرہ کیلئے زبان میں تاثیر، لوگوں اور سامعین کی توجہ حاصل ہوتی ہے۔ یہ تعویذ کنواری بچیوں کے رشتہ کیلئے بہت ہی فائدہ مند ہے۔
21	الانبیاء	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ ان مریضوں کو پہنانا اور پلانا بہت ہی مؤثر ہے جو نیند نہ آنے کی وجہ سے پریشان رہتے ہیں۔
22	الحج	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے سے سفر حج وعمرہ کی سعادت بار بار نصیب ہوتی ہے۔ شائقین حج کیلئے عجیب تحفہ ہے۔
23	المومنون	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ گھر میں لگانے اور سب کو پلانے سے گھر میں رہنے والی فضول اور بلاوجہ لڑائی جھگڑوں کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔
24	النور	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پہننے اور پینے سے گناہوں، شراب، زنا وغیرہ، کثرت شہوت اور گناہوں کے خیالات سے چھٹکارا اور نجات مل جاتی ہے۔
25	الفرقان	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ ڈینگی مچھر اور وبائی امراض کے شکار یا زہریلے جانور سانپ بچھو کے ڈسے مریض کو پہنانے اور پلانے سے اس کو شفا مل جاتی ہے۔
26	الشعرآء	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پہننے اور پاس رکھنے سے سخت سے سخت معاملات اور حالات سے فوری چھٹکارا مل جاتا ہے۔
27	النمل	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ جس جگہ لگایا جائے اور چھڑکاؤ کیا جائے وہ جگہ وہ مکان، وہ سٹور، وہ گودام، وہ سبزی یا فروٹ کی فصل اور کھیت ہر قسم کے حشرات الارض سے محفوظ رہتا ہے۔
28	القصص	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ نافرمان اولاد یا نافرمان بیوی یا نافرمان ملازم کو پہنانے اور پلانے سے وہ بہت ہی فرماں بردار اور تابع ہو جاتا ہے۔
29	العنکبوت	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ کا پہننے اور پینے سے برے خیالات، برے وساوس اور بُری سوچوں سے نجات اور چھٹکارا مل جاتا ہے۔

30	الروم	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پہننے اور پلانے سے سخت جسمانی کمزوری جو جس بیماری کی وجہ سے بھی ہو، اس سے نجات مل جاتی ہے۔
31	لقمان	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پہننے اور پلانے سے مرگی کے مریض کو مرض مرگی اور اس کی علامات سے چھٹکارا مل جاتا ہے۔
32	السجدہ	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پہننے اور پلانے سے دردشقیقہ، پرانے سے پرانے بخار اور ہر قسم کے موذی امراض سے شفا مل جاتی ہے۔
33	الاحزاب	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پہننے اور گھر میں لگانے سے بندش رشتہ، بندش نکاح وغیرہ، پریشانیوں سے نجات مل جاتی ہے۔
34	سبا	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پہننے اور پلانے سے پیلے اور کالے یرقان خواہ وہ کم ہو یا زیادہ، اس سے شفا مل جاتی ہے۔
35	فاطر	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے سے ہر قسم کی تنگی اور سختی سے نکلنے کے اسباب فوری پیدا ہو جاتے ہیں۔
36	یٰسین	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ ہر قسم کے مسائل، خواہ وہ کسی بھی معاملے سے تعلق رکھتے ہوں، خواہ کتنے ہی سخت کیوں نہ ہوں، ان سے نجات مل جاتی ہے۔
37	الصافات	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پہننے اور پلانے سے مردانہ وزنانہ مریض، بانجھ پن اور مرض بے اولادی کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔
38	ص	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے سے ہر قسم کی نحوستوں اور نحس اثرات سے حفاظت رہتی ہے۔
39	الزمر	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے سے ہر جگہ عوام میں عزت اور مرتبہ ملتا ہے۔ دشمنوں کی چالاکیوں اور شرپسندوں سے حفاظت رہتی ہے۔
40	المومن	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ گھر میں لگانے سے اور سب گھر والوں کو پلانے سے گھر میں رہنے والا ہر وقت کا لڑائی جھگڑا ختم ہو جاتا ہے۔
41	حم سجدہ	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ بارش کے پانی میں ڈال کر سخت سے سخت مرض میں مبتلا مریض کو پلایا جائے تو اس کو شفا مل جاتی ہے۔
42	الشوریٰ	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے سے بلاوجہ ہر ایک کی مخالفت اور اختلاف رائے سے آپ محفوظ رہ سکتے ہیں۔
43	الزخرف	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے اور پلانے سے دنیا اور دنیاوی کاموں میں الجھے مگر پریشان حال لوگوں کو ہر قسم کی الجھنوں سے چھٹکارا مل جاتا ہے۔
44	الدخان	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پہننے اور پلانے سے ہر وہ مرض جس کا تعلق پیٹ اور معدہ، جگر اور آنتوں سے ہے، شفا مل جاتی ہے۔
45	الجاثیہ	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ نسیان کے مریض کو پہنانے اور پلانے سے اس کو مرض نسیان سے نجات مل جاتی ہے۔
46	الاحقاف	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے سے انسان ہر قسم کے جنات وانسانوں کے شر سے محفوظ رہتا ہے۔
47	محمد	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پہننے سے وہ بچے یا بڑے حضرات جو ڈراؤنے خواب دیکھتے ہوں یا نیند میں ڈر جاتے ہوں، ان کے لیے بہت موثر ہے۔
48	الفتح	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے سے اللہ کے فضل سے انسان ہر مقام، ہر جگہ اور ہر موقع پر فتح مند ہوتا ہے، فتح اس کا مقدر بنتی ہے۔

49	الحجرات	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پہننے اور پلانے سے میاں بیوی کے درمیان رہنے والی ناچاقیوں، لڑائی جھگڑوں کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔
50	قٓ	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ انقلابی، تحریکی، جماعتی اور لوگوں سے میل جول اور ڈیلنگ کرنے والوں کیلئے بہت ہی فائدہ مند ہے۔
51	الذاریات	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پہننے اور پلانے سے ایسی عورت کہ جس کا حمل بار بار ضائع ہوجاتا ہو بہت ہی مؤثر اور فائدہ مند ہے۔
52	الطور	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے سے مال و دولت میں وسعت اور ترقی و فراخی نصیب ہوتی ہے۔
53	النجم	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ ہرن کی جھلی پر لکھ کر گھر میں رکھنے سے گھر اور گھر والے ہر قسم کی آفات سے محفوظ رہتے ہیں۔
54	القمر	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے والا شخص ہر محفل کی جان اور زینت اور ہر جگہ پر شان و شوکت پاتا ہے۔
55	الرحمن	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ بٹوے، پرس اور تجوری میں رکھنے سے اس شخص کا بٹوہ، پرس، تجوری کبھی پیسوں سے خالی نہیں رہے گی۔
56	الواقعہ	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ دکان، مارکیٹ یا کسی بھی کاروباری جگہ پر لگانے کی برکت سے گاہکوں کی کثرت اور آمدنی میں برکت ہوگی۔
57	الحدید	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ اپنے پاس رکھنے والا شخص ہر قسم کے خطرات میں حتیٰ کہ گولیوں کی بارش اور ہر قسم کے ناگہانی حالات میں بھی حفاظت میں رہتا ہے۔
58	المجادلہ	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے سے ہر قسم کے مقدمات اور پنچائیت کا فیصلہ اس کے حق میں ہوگا، لوگوں کی حمایت حاصل ہوگی۔
59	الحشر	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے والا شخص ہر قسم کے مخالفوں کی مخالفت، شریروں کے شر اور بدخواہوں کی بدخواہی سے محفوظ رہتا ہے۔
60	الممتحنہ	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے سے بیوی کو اپنے خاوند کی خاص توجہ حاصل ہوتی ہے اور مرد غیر عورتوں سے توجہ ہٹا کر بیوی کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔
61	الصّف	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ دماغی کام کرنے والے بچوں اور بڑوں کا پاس رکھنا اور پلانا بہت ہی نفع مند اور مؤثر ہے۔
62	الجمعہ	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پلانے اور پاس رکھنے سے نماز اور اعمال کی سستی ختم ہوکر عبادات کا شوق نصیب ہوتا ہے۔
63	المنافقون	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے والا شخص منافقین کی منافقت، چالبازیوں، مکاریوں اور سازشوں سے محفوظ رہتا ہے۔
64	التغابن	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ گم شدہ افراد، جانوروں اور سامان کی بازیابی، اطلاع اور واپسی کیلئے بہت ہی مؤثر ہے۔
65	الطلاق	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے والی عورت خاوند کی طرف سے بار بار طلاق کی دھمکی اور خطرے سے محفوظ ہوجاتی ہے۔
66	التحریم	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے والی عورت خاوند کی بدمزاجی، غصے، گالم گلوچ اور بلاوجہ زیادتیوں سے محفوظ رہتی ہے۔

67	الملک	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ دوران حمل باندھے رکھنے سے عورتیں حالت حمل کی ہر قسم کی تکالیف اور پریشانیوں سے محفوظ و مامون رہتی ہیں۔
68	القلم	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ قلمی میدان میں چھا جانے، ترقی پانے کے خواہشمند طلباء و طالبات، صحافیوں، ادیبوں اور کالم نویسوں کے لئے بہت فائدہ مند ہے۔
69	الحاقہ	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے والا شخص بھتہ خوروں، ڈاکوؤں، چوروں اور اغوا کاروں سے محفوظ رہتا ہے۔
70	المعارج	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے سے زندگی کے ہر معاملے، ہر شعبے اور ہر میدان میں عروج اور بلندی نصیب ہوتی ہے۔
71	نوح	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ غلط سوسائٹی کا شکار ہونے والے نوجوان کو پلایا جائے اور گلے میں باندھا جائے، وہ راہ راست پر آجائے گا۔
72	الجن	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ جناتی مریضوں کو پلانے اور ان کے گلے میں باندھنے سے اس مصیبت سے جان چھوٹ جاتی ہے۔
73	المزمل	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ کان وغیرہ میں لگانے اور گلہ، تجوری وغیرہ میں رکھنے سے، بہت برکت اور کثرت نصیب ہوتی ہے۔
74	المدثر	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ قرآن کریم یا دینی تعلیم سے باغی یا بھگوڑے بچوں کو پلانا اور گلے میں باندھنا بہت ہی مؤثر ہے۔
75	القیامہ	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ سخت مزاج لوگوں کو پلانا اور ان کے ماتحت کام کرنے والے ملازموں کا اپنے پاس رکھنا، بہت ہی فائدہ مند ہے۔
76	الدھر	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ جسمانی دردوں، اعصابی دردوں اور جوڑوں کے دردوں کے مریضوں کیلئے بہت ہی فائدہ مند ہے۔
77	المرسلت	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے سے تمام غیبی، روحانی مخلوقات اور تعمیری قوتیں، اس شخص کی غائبانہ معاون بن جاتی ہیں۔
78	النباء	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے سے ایسا شخص جو کسی بھی وجہ سے ذلیل و رسوا ہو گیا ہو، پاس رکھنے سے معزز ہو گا۔
79	النازعات	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ شدت مرض کے شکار مریض کو پہنانے اور پلانے سے اس کو فوری افاقہ مل جاتا ہے۔
80	عبس	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے سے انسان ہر قسم کی رجعت اور خطرناک حالات سے محفوظ رہتا ہے۔
81	التکویر	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ ایسے شخص کو پہنانا بہت مفید ہے جس کو ہر وقت چوٹیں لگتی ہوں، زخم ٹھیک نہ ہوتے ہوں، خارش کا شکار رہتا ہو۔
82	الانفطار	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ وبائی امراض میں مبتلا مریضوں کیلئے بہت ہی نفع مند ہے۔ ہر قسم کے بخار کیلئے اس کا تعویذ پلانا اور باندھنا بہت مفید ہے۔
83	المطففین	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ مرض رعشہ کے مریضوں کو پہنانا اور پلانا بہت ہی مؤثر اور فائدہ مند ہے۔
84	الانشقاق	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ ڈلیوری کے وقت عورت کو باندھنا اور پلانا بہت نفع مند ہے، ہر قسم کی پریشانیوں سے عافیت رہتی ہے۔
85	البروج	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ سرسام کے مریض کو باندھنا اور پلانا بہت اکسیر ہے۔ دودھ چھڑوانے کے لیے بچے کو پہنانا اور پلانا بھی مؤثر ہے۔

86	الطارق	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے سے انسان بفضلہٖ ہر قسم کے حوادث سے ہمیشہ محفوظ و مامون رہتا ہے۔
87	الاعلیٰ	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ مریض بواسیر کو پہنانا اور پلانا بہت ہی نفع مند ہے۔
88	الغاشیہ	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ دماغی امراض میں مبتلا مریضوں کو پلانا اور پہنانا، دونوں حالت میں بہت ہی فوائد کا حامل ہے۔
89	الفجر	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے سے ہر قسم کے بگڑے کام سنور جاتے ہیں۔
90	البلد	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ نومولود کو پہنانے سے وہ ہر قسم کی بیماریوں اور تکلیفوں سے محفوظ رہتا ہے۔
91	الشمس	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ فالج ،لقوہ اور رعشہ کے مریضوں کو پلانا اور ان کے گلے میں باندھنا بہت ہی مؤثر ہے۔
92	اللیل	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ گم شدہ بچے کے لیے لکھ کر کسی سبز کپڑے میں باندھ کر کسی درخت پر لٹکانا بہت اکسیر ہے۔
93	الضحیٰ	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے والی عورت کا خاوند ہمیشہ اس سے راضی اور خوش وخرم رہتا ہے۔
94	الم نشرح	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے سے انسان کو ہر قسم کی سختیوں، تنگیوں اور مشکلات سے نجات مل جاتی ہے۔اور ہر قسم کے دردوں اور بیماریوں کیلئے بھی نفع ہے۔
95	التین	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ ابتدا حمل سے وضع حمل تک عورت کو پہنانے اور پلانے سے اولاد بہت ہی خوبصورت پیدا ہوتی ہے۔
96	العلق	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ بچوں کے گلے میں باندھنے سے بچے ام الصبیان اور دیگر دوسرے مہلک بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں۔
97	القدر	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ بزدل اور ڈرپوک بچے کے گلے میں باندھنے سے وہ حوصلہ مند، بہادر اور طاقت ور شجاع بن جاتا ہے۔
98	البینہ	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ باندھنے اور پلانے سے مرض یرقان بہت جلدی ختم ہوجاتا ہے۔
99	الزلزال	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پلانا اور باندھنا مرض لقوہ اور مرض بے خوابی کے لیے بہت مؤثر ہے۔
100	العادیات	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے والا شخص کبھی بھی معاشی تنگی کا شکار اور مفلوک الحال نہیں ہوتا۔

101	القارعہ	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پلانا اور باندھنا ایسے لوگوں اور بچوں کے لیے بہت نفع مند ہے جو کسی بھی غلط راستے کا شکار ہوں۔
102	التکاثر	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ سرہانے کے نیچے رکھ کر سونے سے فوت شدہ رشتہ داروں سے خواب میں ملاقات ہو جاتی ہے۔
103	العصر	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ گلے میں باندھنے اور پلانے سے ہر قسم کے اندرونی دردوں، ورموں اور سوزش سے صحت یابی مل جاتی ہے۔
104	الھمزہ	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ گلے میں باندھنے اور پلانے سے دل سے تعلق رکھنے والی بیماریوں اور ہر قسم کی بے چینیوں سے عافیت مل جاتی ہے۔
105	الفیل	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پاس رکھنے سے دشمن کی سازشوں اور ان کی ہر قسم کی فتنہ سازیوں سے حفاظت رہتی ہے۔
106	القریش	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ کاروباری جگہ پر لگانے سے کاروبار میں بہت ترقی اور زبردست اضافہ ہو جاتا ہے۔
107	الماعون	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ ایسی جگہ پر لگانا جہاں کاروباری نقصان اور مال ضائع یا خراب ہو جاتا ہو، بہت ہی مؤثر ہے۔
108	الکوثر	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ پہننے اور پلانے سے ہر قسم کے شیطانی خیالات، وساوس اور گندے خیالات سے جان چھوٹ جاتی ہے۔
109	الکافرون	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ ایسے شخص کو پلانا اور باندھنا بہت ہی نفع مند ہے جو دینی تعلیمات سے باغی ہو اور کفریہ باتیں کرتا ہو۔
110	النصر	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ اپنے پاس رکھنے والا شخص ہر مقام، ہر جگہ، ہر شعبے میں فتح مند اور غالب رہتا ہے۔
111	اللھب	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ دشمن کے سامان یا گھر یا مکان میں رکھنے سے دشمن کی تمام سازشیں ناکام ہو جاتی ہیں۔
112	الاخلاص	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ باندھنے اور پلانے سے ہر قسم کے موذی امراض سے جان چھوٹ جاتی ہے۔
113	الفلق	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ باندھنے اور پینے سے تمام امراض روحانیہ سے شفا مل جاتی ہے۔
114	الناس	اس سورۂ مبارکہ کا تعویذ باندھنے اور پلانے سے ہر طرح کے جادو جنات اور نظر بد سے نجات مل جاتی ہے۔

چھپے چھپائے تعویذات

روحانی دکان میں مختلف قسم کے چھپے ہوئے تعویذات دستیاب ہیں جو روحانی علاج میں استعمال ہوتے ہیں۔ آج کل وقت کی شدید کمی کے باعث زیادہ تعویذات لکھنا ممکن نہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہاتھ سے لکھے ہوئے تعویذات کی تاثیر، چھپے ہوئے تعویذات سے زیادہ ہوتی ہے۔ اس لئے عاملین چھپے ہوئے تعویذات پر اپنا عمل پڑھ کر دم کر دیتے ہیں تا کہ ان میں بھی تاثیر بڑھ جائے۔

روحانی درسگاہ کے اعمال کی کاپیوں کے تعویذات

* سات سلام اور چہل کاف * امنتُ باللہ کا خاص عمل * ہانڈی کی کاپی
* حُب کی خاص بیاض * منزل * عمل شفائے امراض * حصار قرآنی کبیر

قرآنی تعویذات

❁ اللہ اکسیر قرآنی ❁ آیت الکرسی ❁ آیت قطب ❁ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ❁ چاروں قل ❁ سلام قولا من رب رحیم ❁ سورۃ احزاب ❁ سورۃ بقرہ ❁ سورۃ جن ❁ سورۃ طٰہٰ ❁ سورۃ مریم ❁ سورۃ مزمل ❁ سورۃ یٰس ❁ سورۃ یوسف ❁ لاعلاج امراض ❁ معوذتین ❁ منزل

نورانی تعویذات

❁ اسماء الحسنیٰ ❁ اصحاب کہف ❁ بچوں کی ہر آفت سے حفاظت ❁ برائے سخت امراض ❁ تعویذ حضرت درخواستی ❁ دعائے حزب البحر ❁ دعائے حزب النصر ❁ حفاظت خاص ❁ سفر میں حفاظت ❁ درود ابراھیمی ❁ درود تنجینا ❁ دعائے استعاذہ ❁ رقیہ نظر و حسد ❁ سورۃ فاتحہ + یاحی حین ❁ شجرہ چشتیہ ❁ شجرہ قادریہ ❁ لاحول ولاقوۃ

❁ مختلف قسم کے چراغ میں جلانے والے فلیتے اور جسم پر مل کر جلانے والے تعویذات بھی دستیاب ہیں۔

روحانی علاج گاہ کے تیار کردہ خاص تعویذات

9 تمام روحانی مسائل کے حل کے لیے خاص اور مجرب زمانہ تعویذ

یہ تعویذ تمام آفات و مصائب، قرضوں کی زیادتی، اولاد کی نافرمانی، تعلیمی مسائل، اولاد کی شادی، رشتوں میں رکاوٹ، کاروباری مسائل، ملازمت میں رکاوٹ سمیت ہر قسم کے روحانی مسائل کے حل کے لئے مجرب ہے۔ لہٰذا اس تعویذ کو گلے میں لٹکانے یا جیب میں رکھنے کا معمول بنالیں۔ یہ ہے مجرب زمانہ تعویذ۔

10 کرشماتی تعویذ برائے نظرِ بد

اس دنیائے انسانیت میں روحانی علوم میں 3 چیزوں کو بہت اہمیت دی جاتی ہے۔
(۱) جادو (۲) جنات (۳) نظر بد
نظر بد کے متعلق 4 چیزیں ہیں: (۱) تشخیص (۲) علاج (۳) حفاظت کے لئے خصوصی مجرب رقیہ (۴) سب سے اہم اور آخری چیز نظر بد کی نظر لگانے والے کی طرف واپسی۔ الحمدللہ ادارہ یہ ساری چیزیں سکھاتا ہے۔ عطا کرتا ہے اور نظر بد کا خصوصی تعویذ بھی دیتا ہے جو ایک انار سو بیمار کی عملی تصویر ہے۔

11 برکت حاصل کرنے کا معجزاتی تعویذ

خاص قرآنی کلام سے دنیا کے تمام مقاصد، فوائد، ضروریات، مال و رزق میں برکت، تنخواہ میں برکت، زادِ راہ میں برکت، کھیتی میں برکت، فرد/خاندان میں برکت، ان سب کیلئے قرآن مجید کا خاص معجزاتی تعویذ جس سے کامیابی آپ کے قدم چومتی ہے۔

12 دشمنوں کے شر سے حفاظت کا کرشماتی تعویذ

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کی شفاء رکھی ہے۔ اسی طرح ظالم کے ظلم، جابر کے جبر، قاتل کے خوف، خائن کی خیانت اور ایسے معاملات جن کا سوچنا اور حل ہونا ابھی تک خواب تھا۔ اب آپ ظالم، جابر، بدبخت، بدطینت اور حاسد سمیت ہر قسم کے افراد کے شر اور غلط سوچ اور رویے سے نہ صرف محفوظ ہوں گے بلکہ یہ خاص تعویذ خود آپ کی حفاظت کے لیے سینہ سپر ہوگا۔

قرآنی تعویذات

حضرت مولانا مفتی محمد الیاس مدظلہ (کراچی)

بازو میں درد کے لئے

وَاَصْحٰبُ الْیَمِیْنِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْیَمِیْنِ ﴿۲۷﴾ فِیْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ ﴿۲۸﴾ (الواقعہ:۲۷-۲۸)

جس کے بائیں بازو میں درد ہو، اسے یہ آیت لکھ کر جس جگہ درد ہو، وہاں باندھا جائے۔ان شاء اللہ درد ختم ہوجائے گا۔

بچے کی حفاظت

۱۔ اس آیت کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالنے سے تمام امراض سے حفاظت رہتی ہے۔

اِنِّیْ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ رَبِّیْ وَرَبِّکُمْ ؕ مَا مِنْ دَآبَّۃٍ اِلَّا ہُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِیَتِہَا ؕ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۵۶﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُکُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِہٖۤ اِلَیْکُمْ ؕ وَیَسْتَخْلِفُ رَبِّیْ قَوْمًا غَیْرَکُمْ ۚ وَلَا تَضُرُّوْنَہٗ شَیْئًا ؕ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ ﴿۵۷﴾ (ہود:۵۶-۵۷)

۲۔ بچہ کے پیدا ہونے کے وقت سورۂ بلد لکھ کر اس کے گلے میں ڈالا جائے تو وہ بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔

۳۔ اگر پیدائش کے وقت سورۂ جاثیہ لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالا جائے تو آسیب وغیرہ سے حفاظت رہتی ہے۔

بچے کا نہ بولنا

اگر بچہ کی زبان نہ چلتی ہو تو سورۂ بنی اسرائیل زعفران سے لکھ کر دھو کر پلایا جائے، ان شاء اللہ زبان چل پڑے گی۔

بواسیر کے لئے

لَا یَرَوْنَ فِیْہَا شَمْسًا وَّلَا زَمْہَرِیْرًا ﴿۱۳﴾ (الدھر:۱۳)

یہ آیت لکھ کر بازو پر باندھنا بواسیر کیلئے بہت مفید ہے۔

پستانوں کا عدم ابھار

پستانوں کے عدم ابھار میں یہ آیت لکھ کر چھاتی پر باندھنا بہت مفید ہے۔اور پستانوں میں درد ہو تو جب بھی یہ عمل نافع ہے۔

وَاِنَّ لَکُمْ فِی الْاَنْعَامِ لَعِبْرَۃً ؕ نُسْقِیْکُمْ مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِہٖ مِنْۢ بَیْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِیْنَ ﴿۶۶﴾ (النحل:۶۶)

پیشاب رک جائے

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْہَمِرٍ ﴿۱۱﴾ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُیُوْنًا فَالْتَقَی الْمَآءُ عَلٰۤی اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ﴿۱۲﴾ (القمر:۱۱-۱۲)

ابن کلبی نے لکھا ہے کہ کسی شخص کا پیشاب رک گیا۔ایک فاضل نے یہ آیت لکھ کر بازو میں باندھ دی، شفا ہوگئی۔

پیداوار میں کثرت

کسی کاغذ پر سورۂ فاتحہ لکھ کر اسے دھو کر وہ پانی کھیت یا باغ میں چھڑک دے۔جب ”مالک یوم الدین“ پر پہنچے تو اسے سات مرتبہ لکھے۔ان شاء اللہ پیداوار بہت اچھی ہوگی۔

(جگر) یا تلی کا بڑھ جانا

اگر جگر یا تلی بڑھ جائے تو یہ آیت ایک سادے کاغذ پر لکھ کر تلی کے مقام پر باندھ لیں۔بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ذٰلِکَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَرَحْمَۃٌ ؕ (البقرۃ:۱۷۸)

دماغ کی کمزوری دور کرنے کے لئے (حافظہ کیلئے)

سَنُقْرِئُکَ فَلَا تَنْسٰۤی ۙ﴿۶﴾ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰہُ ؕ (الاعلیٰ:۶)

اِقْرَاْ وَرَبُّکَ الْاَکْرَمُ ﴿۳﴾ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ﴿۴﴾ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ ﴿۵﴾ (العلق:۳-۵)

ضعف دماغ سے متعلقہ امراض کے لئے یہ آیت زعفران سے لکھ کر سر میں باندھی جائے، بہت مفید ہے۔

مطب العارف کی دیگر ادویات کی زبردست کامیابی کے بعد اب آپ کی خدمت میں 2 نئی ادویات پیش کی جا رہی ہیں۔ آزمائش شرط ہے

زور آور کیپسول

بڑی پیکنگ: 1500 روپے
چھوٹی پیکنگ: 750 روپے

- مردانہ طاقت کو بڑھاتا ہے
- مایوسی کو امید میں بدلتا ہے
- بے رغبتی کو دور بھگاتا ہے
- دائمی اور مستقل قوت کا راز ہے
- ہر قسم کی سستی، لاغری کو ختم کرتا ہے
- انتشار کی کمی کو پورا کرتا ہے
- پٹھوں کی کمزوری کا خاتمہ کرتا ہے
- عدم دلچسپی کو ختم کرتا ہے
- شوگر کی وجہ سے ہونے والی مردانہ کمزوری کے لیے بہت ہی فائدہ مند ہے
- زور آور کیپسول اپنے نام کی طرح واقعی زور آور ہے
- ہر قسم کی مردانہ کمزوری کو دور کرنے کیلئے بہترین چیز ہے
- مردانہ کمزوری کے غریبوں کو مردانہ طاقت کا باعث بادشاہ بناتا ہے

لبوب کبیر خاص الخاص

قیمت: 1350 روپے

طب اسلامی کا مسلمہ مقوی اعصاب و مقوی باہ تحفہ

- اعضائے رئیسہ کو دے زبردست طاقت وقوت اور طاقت کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر۔
- ہر قسم کی تھکاوٹ و سستی کا دشمن۔ جسم بھر میں پیدا کرے چستی و توانائی۔
- ہر طرح کی کمزوریوں کو ختم کرنے والا لاجواب ٹانک۔
- جسمانی، اعصابی، پٹھوں کی کمزوری کا کرے خاتمہ۔
- مردانہ طاقتوں کو کرے از سر نو بحال۔
- موسم سرما کا ایک لاجواب طبی تحفہ
- مطب العارف کا پیش کردہ لبوب کبیر جس نے بھی کھایا خوب پایا، دوبارہ منگوایا اور دوستوں کو متعارف کروایا۔

معجون خاص زعفرانی

قیمت: 950 روپے

● جوانوں میں جوانی کی حقیقی چمک ودمک پیدا کرتا ہے ● بوڑھوں میں نوجوانوں جیسی چستی اور تیزی پیدا کرتا ہے ● جنسی کمزوریوں کا نام ونشان تک ختم کر دیتا ہے ● بے رغبتی، بے توجہی، عدم دلچسپی اور بے حسی کا خاتمہ کرتا ہے ● خواہشات میں زبردست اور بے انتہا اضافہ کرتا ہے ● قوت مردانگی کیلئے ایک بے مثل، باکمال اور لاجواب تحفہ ہے ● جنسنگ اور قیمتی جڑی بوٹیوں کا ایک خاص الخاص مرکب ہے ● ہر عمر کا مریض بلا جھجک اور بغیر کسی خوف کے استعمال کر سکتا ہے ● جسم کو مضبوط اور چہرے کو سرخ وسفید کرتا ہے ● اعضائے رئیسہ شریفہ کو زبردست قوت وطاقت دیتا ہے ● ہر قسم کی اعصابی کمزوریوں کو ہمیشہ کیلئے ختم کرتا ہے ● عضو خاص میں سختی اور مضبوطی کو قائم ودائم رکھتا ہے ● نامرد کو مرد بنانے اور کمزور حضرات کو طاقت ور بنانے کے کام آتا ہے ● قدرتی طریقے سے ہر قسم کی مردانہ کمزوریوں کو دور کرتا ہے ● جسم کو لوہے کی طرح مضبوط اور طاقت ور بناتا ہے ● لاعلاج مریضان باہ کیلئے ہماری دیگر ادویات کا ایک اہم حصہ ہے ● طب یونانی اور دیسی جڑی بوٹیوں کا ایک بہترین شاہکار ہے ● معجون خاص زعفرانی ہر وقت مطب العارف پر دستیاب ہے۔

حبوب ذکاوتِ حس

قیمت 450 روپے

جنسی اشتعال، نیٹ کی دنیا، فحاشی وعریانی کی کثرت، گناہوں کے بڑھتے ہوئے ماحول، ہر طرف بے حیائی کے ڈیرے، معاشرے کی بے راہ روی کی وجہ سے نوجوانوں کی جوانی، طاقت، پوت اپنے وقت سے پہلے ہی ختم ہو رہی ہے۔ جریان، احتلام اور سرعت انزال کی بیماری دن بدن بڑھتی جا رہی ہے۔ ذرا سا خیال آنے پر تحریک پیدا ہو کر جوہر حیات ضائع اور ہر وقت کپڑوں کی ناپاکی کے مسئلے سے چھٹکارے کا بہترین حل۔ حبوب ذکاوتِ حس گولیاں۔

نوٹ طلاء خاص الخاص نمبر 2 برائے ذکاوتِ حس کا استعمال حبوب ذکاوت حس کے ساتھ بہت ہی فائدہ مند ہے۔

مطب العارف 042-35410586, 0307-5525103 darulamal.org/matabalaarif, matabalaarif@gmail.com

دفعہ آسیب

پوری سورۂ جن لکھ کر آسیب زدہ کے بازو پر باندھ دی جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ آسیب جاتا رہے گا۔

حصول جاہ و منزلت

جو شخص بسم اللہ کو ۷۸۶ مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھ لے گا، لوگوں کے دلوں میں اس کی ہیبت وعزت پیدا ہوگی۔ بالکل مجرب ہے۔

حفاظت غلہ

جس جگہ غلہ کا ذخیرہ ہو، اگر وہاں سورۂ والتین لکھ کر ذخیرہ میں رکھی جائے تو غلہ میں برکت ہوتی ہے اور ضرر رساں جانوروں سے غلہ محفوظ رہتا ہے۔

بچہ کا زندہ رہنا

جس عورت کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو وہ ایک سو ساٹھ بار بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ لکھ کر اپنے پاس بطور تعویذ رکھ لے، ان شاء اللہ اولاد زندہ رہے گی۔

حفظِ حمل

ذیل کی آیت لکھ کر پینا حمل کے لئے بہت مفید ہے۔

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوۡا رَبَّكُمۡ ۚ اِنَّ زَلۡزَلَةَ السَّاعَةِ شَىۡءٌ عَظِيۡمٌ ① (الحج:۱)

بچہ آفات سے محفوظ رہے

جو بچہ سوتے ہوئے چونک پڑتا ہو، ڈر جاتا ہو، ایک کاغذ پر بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اکیس (۲۱) مرتبہ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں، بچہ تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

حفظ مال و اولاد

جو شخص آیت الکرسی لکھ کر اپنے مال یا اپنی اولاد پر لٹکائے گا تو شیطانی مضرت سے اس کی اولاد اور اس کا مال محفوظ رہے گا۔

جنات سے محفوظ رکھنے کا عمل

اگر آیت الکرسی کو لکھ کر گھر میں داخل ہونے والے دروازے پر لٹکا دیا جائے تو جنات اس گھر میں داخل نہیں ہوں گے۔

کھیت چوہے اور ٹڈیوں سے محفوظ رہے

باغ اور کھیتی کی حفاظت کے لئے سورۃ التین کو گلاب و زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر باغ یا کھیتی کے چاروں کونوں پر چھڑک دیں، چوہے اور ٹڈیوں سے محفوظ رہے گی۔ پاک جگہ چھڑکیں۔

ذہن کو تیزی اور قوت حافظہ کے لئے

اِقۡرَاۡ بِاسۡمِ رَبِّكَ الَّذِىۡ خَلَقَ ۚ① خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ مِنۡ عَلَقٍ ۚ② اِقۡرَاۡ وَرَبُّكَ الۡاَكۡرَمُ ③ الَّذِىۡ عَلَّمَ بِالۡقَلَمِ ④ عَلَّمَ الۡاِنۡسَانَ مَا لَمۡ يَعۡلَمۡ ؕ⑤ (العلق:۱-۵)

ذہن کو تیزی اور قوت حافظہ کے لئے لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں۔

میاں بیوی میں جدائی کے سحر کا علاج

اگر جادو کے زور سے یہ حالت ہوگئی ہو کہ میاں بیوی سے اور بیوی میاں سے متنفر ہو اور ایک دوسرے سے بغض کرتے ہوں تو

عَسَى اللّٰهُ اَنۡ يَّجۡعَلَ بَيۡنَكُمۡ وَبَيۡنَ الَّذِيۡنَ عَادَيۡتُمۡ مِّنۡهُمۡ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيۡرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ⑦ (الممتحنۃ:۷)

قَالَ مُوۡسٰى مَا جِئۡتُمۡ بِهِ ۙ السِّحۡرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبۡطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصۡلِحُ عَمَلَ الۡمُفۡسِدِيۡنَ ⑧١ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الۡحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوۡ كَرِهَ الۡمُجۡرِمُوۡنَ ⑧٢ (یونس:۸۱-۸۲)

پاک برتن میں سات (۷) مرتبہ لکھیں اور بارش کے پانی سے دھو کر مرد اور عورت کو پلائیں۔

قرآنی تعویذات حضرت خواجہ دلاور حسین چشتی قادری نقشبندی

مرتب: محمد زبیر

وضع حمل میں آسانی

وضع حمل میں آسانی کے لیے ان آیات شریف کو پاک صاف کاغذ پر لکھ کر عورت کی بائیں ران پر موم جامہ کر کے باندھیں۔ بفضلِ خدا، بچہ آسانی سے پیدا ہوگا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِذَا السَّمَآءُ انۡشَقَّتۡ ۙ﴿۱﴾ وَ اَذِنَتۡ لِرَبِّہَا وَ حُقَّتۡ ۙ﴿۲﴾ وَ اِذَا الۡاَرۡضُ مُدَّتۡ ۙ﴿۳﴾ وَ اَلۡقَتۡ مَا فِیۡہَا وَ تَخَلَّتۡ ۙ﴿۴﴾ (الانشقاق: ۱-۴)

بچہ ضد نہ کرے

بچہ ضد کرے تو اس نقش کو نیلے کاغذ پر لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ بفضلِ خدا، بچہ ضد کرنے سے باز رہے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سَلٰمٌ عَلٰۤی اِبۡرٰہِیۡمَ

سَلٰمٌ عَلٰۤی اِبۡرٰہِیۡمَ

سَلٰمٌ عَلٰۤی اِبۡرٰہِیۡمَ

آیات حرب کے فوائد

اگر ان آیات کو لکھ کر اپنے پاس رکھا جائے تو لوگوں کے دلوں میں ہیبت طاری ہوگی۔ ان آیات کا تعویذ پاس رکھنے سے دشمن کا کوئی ہتھیار اور سفلی جادو وغیرہ اثر نہیں کرتا۔

اول: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلَمۡ تَرَ اِلَی الۡمَلَاِ مِنۡۢ بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ مِنۡۢ بَعۡدِ مُوۡسٰی ۘ اِذۡ قَالُوۡا لِنَبِیٍّ لَّہُمُ ابۡعَثۡ لَنَا مَلِکًا نُّقَاتِلۡ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ ؕ قَالَ ہَلۡ عَسَیۡتُمۡ اِنۡ کُتِبَ عَلَیۡکُمُ الۡقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوۡا ؕ قَالُوۡا وَ مَا لَنَاۤ اَلَّا نُقَاتِلَ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ وَ قَدۡ اُخۡرِجۡنَا مِنۡ دِیَارِنَا وَ اَبۡنَآئِنَا ؕ فَلَمَّا کُتِبَ عَلَیۡہِمُ الۡقِتَالُ تَوَلَّوۡا اِلَّا قَلِیۡلًا مِّنۡہُمۡ ؕ وَ اللّٰہُ عَلِیۡمٌۢ بِالظّٰلِمِیۡنَ ﴿۲۴۶﴾ (البقرۃ: ۲۴۶)

دوم: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

لَقَدۡ سَمِعَ اللّٰہُ قَوۡلَ الَّذِیۡنَ قَالُوۡۤا اِنَّ اللّٰہَ فَقِیۡرٌ وَّ نَحۡنُ اَغۡنِیَآءُ ۘ سَنَکۡتُبُ مَا قَالُوۡا وَ قَتۡلَہُمُ الۡاَنۡۢبِیَآءَ بِغَیۡرِ حَقٍّ ۙ وَّ نَقُوۡلُ ذُوۡقُوۡا عَذَابَ الۡحَرِیۡقِ ﴿۱۸۱﴾ (آل عمران: ۱۸۱)

سوم: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلَمۡ تَرَ اِلَی الَّذِیۡنَ قِیۡلَ لَہُمۡ کُفُّوۡۤا اَیۡدِیَکُمۡ وَ اَقِیۡمُوا الصَّلٰوۃَ وَ اٰتُوا الزَّکٰوۃَ ۚ فَلَمَّا کُتِبَ عَلَیۡہِمُ الۡقِتَالُ اِذَا فَرِیۡقٌ مِّنۡہُمۡ یَخۡشَوۡنَ النَّاسَ کَخَشۡیَۃِ اللّٰہِ اَوۡ اَشَدَّ خَشۡیَۃً ۚ وَ قَالُوۡا رَبَّنَا لِمَ کَتَبۡتَ عَلَیۡنَا الۡقِتَالَ ۚ لَوۡ لَاۤ اَخَّرۡتَنَاۤ اِلٰۤی اَجَلٍ قَرِیۡبٍ ؕ قُلۡ مَتَاعُ الدُّنۡیَا قَلِیۡلٌ ۚ وَ الۡاٰخِرَۃُ خَیۡرٌ لِّمَنِ اتَّقٰی ۟ وَ لَا تُظۡلَمُوۡنَ فَتِیۡلًا ﴿۷۷﴾ (النساء: ۷۷)

چہارم: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَ اتۡلُ عَلَیۡہِمۡ نَبَاَ ابۡنَیۡ اٰدَمَ بِالۡحَقِّ ۘ اِذۡ قَرَّبَا قُرۡبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنۡ اَحَدِہِمَا وَ لَمۡ یُتَقَبَّلۡ مِنَ الۡاٰخَرِ ؕ قَالَ لَاَقۡتُلَنَّکَ ؕ قَالَ اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰہُ مِنَ الۡمُتَّقِیۡنَ ﴿۲۷﴾ (المائدۃ: ۲۷)

پنجم: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ مَنۡ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ قُلِ اللّٰہُ ؕ قُلۡ اَفَاتَّخَذۡتُمۡ مِّنۡ دُوۡنِہٖۤ اَوۡلِیَآءَ لَا یَمۡلِکُوۡنَ لِاَنۡفُسِہِمۡ نَفۡعًا وَّ لَا ضَرًّا ؕ قُلۡ ہَلۡ یَسۡتَوِی الۡاَعۡمٰی وَ الۡبَصِیۡرُ ۬ۙ اَمۡ ہَلۡ تَسۡتَوِی الظُّلُمٰتُ وَ النُّوۡرُ ۬ۚ اَمۡ جَعَلُوۡا لِلّٰہِ شُرَکَآءَ خَلَقُوۡا کَخَلۡقِہٖ فَتَشَابَہَ الۡخَلۡقُ عَلَیۡہِمۡ ؕ قُلِ اللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیۡءٍ وَّ ہُوَ الۡوَاحِدُ الۡقَہَّارُ ﴿۱۶﴾ (الرعد: ۱۶)

ہر قسم کے آسیب، جن، شیطان، بھوت پلید اور ارواحِ خبیثہ سے حفاظت کا ایک مجرب اور خاص الخاص تعویذ... خالد مقبول حفظہ اللہ

یہ تعویذ ہر قسم کے آسیب، جن، شیطان، بھوت پلید اور ارواحِ خبیثہ سے حفاظت میں لاثانی ہے۔ اعتماد سے اس کو استعمال کریں اور کروائیں۔ مریض کے گلے میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ، صرف تین ہفتہ میں ہر قسم کی بندش کا خاتمہ ہوگا۔ اس تعویذ کو لکھنے کی شرط صرف اتنی ہے کہ آیت الکرسی کا عامل ہو۔ جو افراد عامل نہیں، وہ روحانی درسگاہ رابطہ کرکے بغیر کسی فیس کے آیت الکرسی کا عمل کر سکتے ہیں۔ رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کرکے ارسال فرمائیں۔ جو شرائط ہیں، وہ پوری کریں۔ ان شاء اللہ، عمل کرنے کے بعد اپنی آنکھوں سے اس تعویذ کی روحانی طاقتوں کو ملاحظہ کریں۔ یہ تعویذ استاذ مکرم صوفی پیر حکیم غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ کا ہے۔ تعویذ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ	اَلْحَیُّ اَلْقَیُّوْمُ	لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ	لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ	وَمَا فِی الْاَرْضِ	مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ	اِلَّا بِاِذْنِہٖ	یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ
اَلْحَیُّ اَلْقَیُّوْمُ	لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ	لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ	وَمَا فِی الْاَرْضِ	مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ	اِلَّا بِاِذْنِہٖ	یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ	وَمَا خَلْفَھُمْ
لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ	لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ	وَمَا فِی الْاَرْضِ	مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ	اِلَّا بِاِذْنِہٖ	یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ	وَمَا خَلْفَھُمْ	وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ
لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ	وَمَا فِی الْاَرْضِ	مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ	اِلَّا بِاِذْنِہٖ	یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ	وَمَا خَلْفَھُمْ	وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ	اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ
وَمَا فِی الْاَرْضِ	مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ	اِلَّا بِاِذْنِہٖ	یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ	وَمَا خَلْفَھُمْ	وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ	اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ	السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ	اِلَّا بِاِذْنِہٖ	یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ	وَمَا خَلْفَھُمْ	وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ	اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ	السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ	وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا
اِلَّا بِاِذْنِہٖ	یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ	وَمَا خَلْفَھُمْ	وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ	اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ	السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ	وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا	وَھُوَ
یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ	وَمَا خَلْفَھُمْ	وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ	اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ	السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ	وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا	وَھُوَ	الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

ہر قسم کی بندش کو ختم کرنے کا ایک مجرب اور خاص الخاص تعویذ

مولانا علی آفاق (مدیر خزینۂ روحانیات و ناظم روحانی علاج گاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور)

یہ تعویذ ہر قسم کی بندش کو ختم کرنے میں لاثانی ہے۔ جس قسم کی بھی بندش ہو، اعتماد سے اس کو استعمال کریں یا کروائیں۔ ان شاء اللہ، صرف تین ہفتہ میں ہر قسم کی بندش کا خاتمہ ہوگا۔ اس تعویذ کو لکھنے کی شرط صرف اتنی ہے کہ سورۂ فلق کا عامل ہو یا معوذتین کا عامل ہو۔ تعویذ یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلْ	اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ	مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ	وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ	اِذَا وَقَبَ	وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ	فِي الْعُقَدِ	وَمِنْ شَرِّ	حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ
اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ	مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ	وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ	اِذَا وَقَبَ	وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ	فِي الْعُقَدِ	وَمِنْ شَرِّ	حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ	قُلْ
مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ	وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ	اِذَا وَقَبَ	وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ	فِي الْعُقَدِ	وَمِنْ شَرِّ	حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ	قُلْ	اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ
وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ	اِذَا وَقَبَ	وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ	فِي الْعُقَدِ	وَمِنْ شَرِّ	حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ	قُلْ	اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ	مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ
اِذَا وَقَبَ	وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ	فِي الْعُقَدِ	وَمِنْ شَرِّ	حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ	قُلْ	اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ	مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ	وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ
وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ	فِي الْعُقَدِ	وَمِنْ شَرِّ	حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ	قُلْ	اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ	مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ	وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ	اِذَا وَقَبَ
فِي الْعُقَدِ	وَمِنْ شَرِّ	حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ	قُلْ	اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ	مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ	وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ	اِذَا وَقَبَ	وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ
وَمِنْ شَرِّ	حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ	قُلْ	اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ	مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ	وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ	اِذَا وَقَبَ	وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ	فِي الْعُقَدِ
حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ	قُلْ	اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ	مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ	وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ	اِذَا وَقَبَ	وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ	فِي الْعُقَدِ	وَمِنْ شَرِّ
قُلْ	اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ	مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ	وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ	اِذَا وَقَبَ	وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ	فِي الْعُقَدِ	وَمِنْ شَرِّ	حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ

دارالعمل چشتیہ میں خاص اوقات میں سکھائے جانے والے خاص الخاص اعمال

خاص اوقات یہ ہیں

1۔ سورج گرہن 2۔ چاند گرہن 3۔ نوروز

خاص اعمال کی تفصیل درج ذیل ہے

1۔ نورانی اعمال 2۔ خاص خاص اعمال 3۔ علوی اعمال 4۔ باموکل اعمال

نورانی اعمال

ساتھ سلام: ہر طرح کی بیماریوں اور جادو کے علاج کے لیے۔

آیات شفاء: ہر طرح کی بیماریوں کے علاج کے لیے۔

منزل: دنیا میں جادو، جنات اور شیاطین کے اثرات سے نجات اور حفاظت کے لیے۔

حصار قرآنی کبیر: روحانی دفاع کا ایک خاص مضبوط ہتھیار۔

حصار خاص: غیبی مخلوق کے ذریعے روحانی حفاظت کا ایک خاص عمل۔

خاص خاص اعمال

تھیلی والا عمل: سخت جادو اور جنات سے نجات کا عمل۔

اونٹ کی ہڈی والا عمل: گھر کی جنات و جادو سے حفاظت کا خاص عمل

بکرے کے صدقے کا عمل: سخت جادو جنات سے نجات کا عمل۔

سری والا عمل: سخت قسم کے جادو اور جنات سے نجات کے لیے۔

علوی اعمال

چہل کاف: ہر طرح کے دنیاوی جائز کام کے لیے۔ خاص کر جادو اور جنات کے بد اثرات کا خاتمہ کرنے کے لیے بہت مجرب ہے۔

مندرہ شاہ علی کبیر: جنات، جادو، آسیب، دشمن، جادوگر، شیاطین کے خلاف ایک انتہائی مضبوط روحانی ہتھیار ہے۔

نورانی مندرہ: ہر طرح کے جادو اور جنات سے نجات کا عمل۔

عمل باندھ جادو: ہر طرح کا جادو باندھنے کا عمل۔

اعصائے کلیم اللہ: سخت جادو کی کاٹ کا عمل۔

عمل بندش کلاں: جادو، جنات، دشمن، ہتھیار وغیرہ کو باندھنے کا ایک خاص عمل۔

عمل واپسی سحر: سحر کو جادوگر اور جادو کروانے والے پر واپس کرنے کا خاص عمل۔

عمل حب خاص: حب کا خاص عمل جس کے پیچھے غیبی مخلوق ہے۔ مردوں پر عمل کرنے کے لیے مفید ہے۔

باموکل اعمال

آیت الکرسی باموکل: شریر جنات و شیاطین کے خلاف انتہائی مضبوط روحانی ہتھیار جو علاج کے ساتھ حفاظت کے لیے بھی مجرب ہے۔

آیت قطب باموکل: جنات، شیاطین، جادو سے نجات اور مقاصد کے حصول کا مجرب عمل۔

سورۃ اخلاص باموکل: جنات و جادو سے نجات، ہر دنیاوی مقصد کے حصول کا مجرب عمل۔

سورۃ فیل باموکل: دشمن چاہے انسان ہو یا جنات، ان سے نجات کا مجرب عمل۔ خاص کر جادوگروں کو سبق سکھانے کا مجرب عمل ہے۔

سورۃ مزمل باموکل: بڑے جنات، شیاطین و جادوگروں کے خلاف روحانی ہتھیار۔ ایک مضبوط علاج اور مضبوط دفاع بھی۔

چہل کاف باموکل: سخت جنات و جادو سے نجات اور ہر مقصد کے حصول کا مجرب عمل۔

سورۃ جن باموکل: جنات کے خلاف علاج اور حصار میں بہت مضبوط عمل ہے۔ اس سے آگے اور کوئی عمل نہیں ہے۔

سورۃ کوثر باموکل: دشمن، واپسی سحر اور رزق کی فراخی کا خاص عمل۔

فون: 042-35410586 0320-4661681 darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

عاملین کے تجویز کردہ قرآنی تعویذات

مرتب: اراکین دارالعمل چشتیہ، لاہور

حضرت شیخ ابوالعباس احمد بن علی بونی رحمہ اللہ

ورم طحال

آیت الکرسی لکھ کر پیٹ پر باندھے۔ طحال دور ہوگا اور ورم جاتا رہے گا۔

محمد زمان شاہ صاحب (کراچی)

مکان یا جائیداد پر ناجائز قبضہ

اگر کسی نے آپ کے مکان یا کسی جائیداد پر ناجائز قبضہ کر رکھا ہے اور خدا کے روبرو آپ حق پر ہیں تو نیلے رنگ کے کاغذ پر سورۃ ''النحل'' پارہ نمبر 14 پوری لکھ کر کسی طرح اس مقبوضہ جائیداد میں رکھ دیں۔ ان شاء اللہ سات دن بھی نہ گزرنے پائیں گے کہ وہ ناجائز قبضہ ختم کر دیں گے۔

صوفی پیر عباس علی صدیقی نقشبندی مجددی مدظلہ

ہاتھ میں درد

ہاتھ کے درد کے لیے ان آیات کریمہ کو لکھ کر ہاتھ میں باندھیں۔

بَلْ يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ؕ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ وَيَسْعَوْنَ فِى الْاَرْضِ فَسَادًا ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝ وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ؕ مِنْهُمْ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ؕ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ۝ يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَىْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ؕ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ (المائدۃ: ۶۴-۶۸)

پیشانی میں درد

جس کی پیشانی میں درد ہو، اس کو یہ آیت لکھ دے:

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِىِّ ؕ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ (الاحزاب: ۵۶)

قاری محمد حسن رضوی (لاہور)

دکان میں گاہک زیادہ آنے کے لیے

سورۃ العادیات لکھ کر دکان میں لٹکائیں۔ اس پر گاہک کی نظر پڑتی رہے۔ اس سے گاہک دکان میں آتا جاتا رہے گا۔

صوفی محمد اسلم نقشبندی مجددی

جنات سے حفاظت اور اثرات سے شفاء

سورۂ جن پوری لکھ کر بازو پر بطور تعویذ موم جامہ کرکے باندھیں، خود مامون و محفوظ رہے گا اور شفا ہو جائے گی۔

عامل باعمل میاں عبدالرزاق صاحب

حفاظت از خواب بد

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۭ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (یونس: ۶۴)

لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

سید مزمل حسین نقشبندی مدظلہٗ

دشمن کو ذلیل کرنا

اگر کوئی چاہے کہ دشمن اس کا ذلیل ہو اور اسے فتح حاصل ہو اور دشمن کو قدم قدم پر ناکامی ہو تو سورۃ الروم کو باوضو سفید کاغذ پر لکھے اور اس کو لپیٹ کر ایک بوتل میں رکھ دے۔ اور سخت ڈاٹ سے اس بوتل کا منہ بند کرکے اپنے مکان میں رکھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، دشمن ذلیل و خوار ہوگا۔

سانپ بچھو سے حفاظت

جس گھر میں سانپ بچھو نکلتے ہوں، وہاں سورۂ طارق کو باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر دیوار پر لگا دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، اس کے لگانے کے بعد کوئی سانپ یا بچھو نظر نہ آئے گا اور اگر باہر نکل بھی آئے گا تو کسی کو نقصان نہ پہنچائے گا۔ نہایت مجرب ہے۔

قید سے رہائی

اگر کوئی شخص قید میں ہو یا کسی کا کوئی مقدمہ ہو تو وہ سورۂ مزمل مشک و زعفران سے باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو ان شاء اللہ تعالیٰ، قیدی فوراً قید سے رہا ہوگا۔

سید رشید احمد اجمیری

عمل برائے تجارت

سورۂ شعرآء کو لکھ کر موضع تجارت میں لٹکا دے۔ بیع و شراء بکثرت ہونے لگے گی۔

عمل برائے امن مکان

سورۂ فیل کو ایک ظرف خام گلِ قدیم میں لکھ کر اندر گھر وغیرہ کے دفن کر دے۔ وہ موضع مامون رہے گا، جب تک یہ ظرف اس میں باقی ہے۔

نظر بد سے حفاظت

نظر بد سے بچنے کے لیے ذیل کا تعویذ نہایت سریع التاثیر اور زود اثر ہے۔ زعفران اور کیوڑہ سے لکھ کر گلے میں ڈالنے سے نظرِ بد اثر نہیں کرے گی۔ اور اگر نظر لگ گئی ہوگی تو اس کا اثر باطل ہو جائے گا۔ تعویذ یہ ہے:

بسم اللہ	بسم اللہ	الرحمٰن الرحیم	الحمد للہ	رب العلمین
الرحمٰن الرحیم	مالک	یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین
اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم
غیر المغضوب	علیھم	ولا	الضآلین	آمین

حفظ مال و اولاد کا عمل

جو شخص آیت الکرسی کو لکھ کر اپنے مال یا اپنی اولاد پر لٹکائے گا تو شیطانی تصرف سے اُس کی اولاد اور اُس کا مال محفوظ رہے گا۔

عمل حفاظت غلہ

جس جگہ غلہ کا ذخیرہ ہو، اگر وہاں سورۂ والتین لکھ کر ذخیرہ میں رکھی جائے تو غلّہ میں برکت ہوتی ہے اور ضرر رساں جانوروں سے غلّہ محفوظ رہتا ہے۔

ڈاکٹر مصلح الدین

شیطانی وسوسوں کے لیے

ان آیات کو ہرن کی جھلی پر لکھ کر شخصِ متخیل کے بازو میں باندھ دے یا گلے میں پہنائیں۔ تخیلات فاسدہ اس سے دور ہو جائیں گے۔

وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ﴿۴۵﴾ (بنی اسرآئیل:۴۵)

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾ (التوبۃ:۱۲۹)

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳۷﴾ (البقرۃ:۱۳۷)

محمد الیاس صاحب

بخار سے نجات

اگر کسی کو بخار نے آلیا ہو اور بخار کی وجہ سے بہت زیادہ کمزوری واقع ہوگئی ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ یہ لکھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۠ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۶۴﴾ (یوسف:۶۴)

اس تعویذ کو مریض کے بازو پر باندھ دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بیمار کو شفاء حاصل ہوگی۔ بخار اتر جائے گا۔

جادو کے اثرات کا خاتمہ

جو کوئی یہ چاہے کہ اس پر جادو کا اثر نہ ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں عرقِ گلاب اور زعفران سے ایک سفید کاغذ پر یہ لکھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ۭ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿۴۵﴾ (القلم:۴۵)

لکھنے کے بعد موم جامہ کر کے تعویذ کی طرح بازو پر باندھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جادو کا وار نہ چلے گا اور جادو کا اثر زائل ہو جائے گا۔

حسب منشاء ملازمت کا حصول

جو کوئی کسی خاص ملازمت کے حصول کے لیے کوشاں ہو تو وہ باوضو حالت میں یہ آیت مبارکہ لکھے:

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۔

اس کا تعویذ بنا کر اپنے بازو پر باندھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، مطلوبہ مقصد میں جلد کامیابی ہوگی۔ اللہ رب العزت اس کی اپنے فضل و کرم سے مدد فرمائے گا۔

حکیم حافظ عبدالرؤف

خواب میں ڈرنا

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا ۣ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۲۰۰﴾ (آل عمران:۲۰۰)

اس آیت کو لکھ کر خواب میں ڈرنے والے کے گلے میں باندھ دیں۔

مطلوب فریفتہ ہو...... حاکم (افسر) مہربان ہو

جو شخص اس نقش کو لکھ کر اپنے داہنے بازو پر باندھے، وہ مطلوب کے سامنے جائے۔ ان شاء اللہ، وہ دل و جان سے اس پر فریفتہ ہوگا۔ نیز حاکم

(افسر) کے لیے بھی یہ نقش مکرم کارآمد ہے۔

۷۸۶

وَالَّذِيْنَ	اللّٰهِ	كَحُبِّ	يُحِبُّوْنَهُمْ
اٰمَنُوْا	وَالَّذِيْنَ	اللّٰهِ	كَحُبِّ
اَشَدُّ حُبًّا	اٰمَنُوْا	وَالَّذِيْنَ	اللّٰهِ

الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

ماسٹر شفیع الدین نظامی مرحوم

لڑکی کا رشتہ

نہ آتا ہو یا نہ ملتا ہو۔ باپ یا بھائی یا کوئی نیک نمازی آدمی مندرجہ ذیل آیات زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر لکھے۔ نیچے لڑکی کا نام معہ والدہ لکھے۔ اور ایک پاک ڈبیہ میں بند کر کے لڑکی کے گھر میں اندھیری پاک جگہ رکھ دے۔ ان شاء اللہ بہت جلد رشتہ آجائے گا۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ۝ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ۝ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝

(الاحزاب: ۴۵-۴۸)

سید علی حسن شاہ

چشم خلائق میں معزز ہونا

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ وہ چشمِ خلائق میں مقبول و معزز ہو جائے اور اسے بلند مرتبہ حاصل ہو جائے اور بارگاہِ الٰہی میں مقبول بندہ بن جائے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد نافع اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر اس وقت لکھیں جب قمر برج عقرب میں ہو۔ لکھنے کے بعد موم جامہ کر کے اسے اپنی ٹوپی کے اندر سی لیں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم، اس عمل کی بدولت اپنے جملہ مقاصد میں کامیابی و کامرانی بفضلہٖ تعالیٰ نصیب ہوگی۔ نہایت مجرب اور آزمودہ نقش ہے۔

نقش یہ ہے:

الٓمّٓرٰ		الٓرٰ
الٓرٰ	الٓرٰ	قٓ
صٓ	الٓرٰ	الٓرٰ
الٓرٰ	نٓ	الٓمّٓرٰ

عابد عسکری

لوگوں کی آنکھوں میں مکرم..... حفاظت از ہر بلا

سورۂ یٰسین مشک و زعفران سے لکھ کر موم جامہ کر کے بازو پر باندھیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ، سب کی آنکھوں میں مکرم ہوگا اور ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔

مخالف کو مہربان کرنا

سورۂ حشر کی آیت ۲۰ کو رجب کی چار تاریخ کے بعد نمازِ صبح، جس قدر چاہے لکھیں اور اپنے بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈال کر بادشاہ یا حاکم یا کسی اور ناراض شخص کے پاس لے جائیں تو کامیاب ہوں گے اور وہ اس پر مہربان ہوگا۔ اگر اس کو کندہ کرا کے انگشتری میں رکھ کر پہنے تو بے شمار فوائد حاصل ہوں۔ آیت یہ ہے:

لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۭ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَاۗىِٕزُوْنَ ۝ (الحشر ۲۰)

محمد واصف چشتی

آفات و بلیات سے حفاظت

پاک وصاف کاغذ پر زعفران و مشک و گلاب سے ''بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ '' لکھ کر پھر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھیں۔

حافظ اکبر رسول آبادی

غرقابی (ڈوبنے) سے حفاظت

وَقَالَ ارۡکَبُوۡا فِیۡهَا بِسۡمِ اللّٰهِ مَجۡرٖىهَا وَمُرۡسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّیۡ لَغَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ ﴿۴۱﴾ (ھود:۴۱)

یہ آیت مبارکہ کسی پیلے کپڑے پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ سمندر میں سفر کر رہے ہوں تو غرقابی سے محفوظ رہیں گے۔

مرضِ نکسیر و سلسلِ بول اور قے روکنے کا علاج

وَقِیۡلَ یٰۤاَرۡضُ ابۡلَعِیۡ مَآءَكِ وَیٰسَمَآءُ اَقۡلِعِیۡ وَغِیۡضَ الۡمَآءُ وَقُضِیَ الۡاَمۡرُ

کورے کپڑے پر لکھ کر ہاتھ پر باندھیں۔ اسی طرح سلسلِ بول اور قے روکنے کے لیے بھی یہی عمل مجرب ہے۔

علامہ محمد جاوید

آفات و بلیات سے حفاظت

اگر کوئی شخص آفات و بلیات میں مبتلا ہو جائے اور ان سے نجات کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید و نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے اُس شخص کو چاہیے کہ وہ سورۃ الحاقہ کو زعفران و گلاب و مشک سے لکھ کر، خوشبو لگا کر، موم جامہ کر کے اپنے پاس بطور تعویذ رکھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم، وہ جملہ آفات و بلیات سے ہمیشہ کے لیے محفوظ رہے گا۔

اشرار سے حفاظت

اگر کوئی شخص یہ خواہش رکھتا ہو کہ وہ ہر قسم کے شر سے محفوظ رہے تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے وہ شخص سورۂ دخان کو زعفران و گلاب و مشک سے تحریر کر کے خوشبو لگائے اور پھر موم جامہ کر کے اپنے پاس بطور تعویذ رکھے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے جملہ آفات و بلیات، دیو، پری اور جنات و اشرار سے اس کی حفاظت فرمائے گا اور اسے ہر طرح سے اپنی امان میں رکھے گا۔

محمد حسیب قادری

شیطانی وسوسوں سے حفاظت

شیطانی وسوسوں سے نجات کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع اور مفید ہے۔ اگر کوئی شخص سورۃ الحاقہ کو زعفران و گلاب سے لکھ کر بطور تعویذ اپنے پاس رکھے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے تمام شیطانی وسوسوں سے نجات دے گا۔

قیصر احمد بی اے

اولاد کے رشتوں کی پریشانی کا حل

